نام کتاب	:	انجینیر نگ ڈرائنگ گائیڈ
نام مصنف وناشر	:	محمد سمیع اللہ بختیاری
سنہ اشاعت	:	جنوری 2002ء
تعداد	:	1000/عدد
قیمت	:	200روپے (سکہ ہند)

بیرون ممالک کے لئے

20/امریکی ڈالر یا40/سعودی ریال (بشمول رجسٹرڈ پوسٹ)

﴿کتاب ملنے اور مراسلت کا پتہ﴾

محمد سمیع اللہ بختیاری

بی ایس سی۔ بی ای (سیول)، لکچرار ان کنسٹرکشن ٹکنالوجی

پوسٹ باکس نمبر (241) جی پی او حیدرآباد. 001 500 (اے.پی.) انڈیا

انتساب

یہ کتاب ان نوجوانوں کے نام ہے جو معاشی اور نا مساعد حالات کی وجہہ تعلیم حاصل کر نہ سکے اور جو اسطرح کے حالات کا مقابلہ کرر ہے ہیں اور علم حاصل کرنے کیلئے جدو جہد کرر ہے ہیں۔ یہ کتاب ان طالب علموں کے نام بھی کرر ہا ہوں جو کئی طرح کی پریشان کن حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے تعلیم یافتہ ہو پائے اور آج برسر روزگار ہیں۔

کشمکش عظمت کردار عطا کرتی ہے
زندگی عاقبت انجام نہیں ہے اے دوست!

(شاعر مشرق علامہ اقبالؔ)

کچھ کتاب کے بارے میں.............!

اسطرح کی کتاب لکھنے کا خیال میرے تدریس کے کام کے دوران پیدا ہوا تھا۔ میرے پاس انجینیرنگ ڈرائنگ سیکھنے کیلئے تمام طالب علم انگریزی میڈیم سے آتے ہیں۔ جب انگریزی میں پڑھایا جاتا تو یہ بہتر طور سے سمجھ نہیں پاتے تھے۔ اور جب اردو میں سبق کا خلاصہ بتایا جاتا تھا تو کم وقت میں سمجھ جاتے اور بہتر طور سے ڈرائنگ کرتے۔ اسکی وجہ ان کی مادری زبان اردو ہے۔ تعلیمی میدان کے بڑے بڑے اسکالروں کا بھی یہ تجزیہ ہے کہ طالب علموں کو ان کی مادری زبان میں پڑھایا جانا چاہیے۔

راقم بھی انٹر میڈیٹ تک اردو میڈیم سے زیر تعلیم تھا۔ پھر انگریزی میڈیم سے بی' ایس' سی' اور بذریعہ انٹرینس امتحان انجینیرنگ میں داخلہ لیا تھا۔ اس کے علاوہ میرے والد مرحوم اردو کے شاعر و ادیب رہ چکے ہیں اس لئے بھی میرے خون میں اردو بسی ہوئی ہے اور دل کسی شاعر کے دل کی طرح تڑپتا رہتا ہے۔

اس کتاب میں اردو کے ساتھ ساتھ انگریزی کا کالم بھی شائع کیا جارہا ہے تاکہ طالب علموں کو آگے تعلیم انگریزی میڈیم سے جاری رکھنے میں سہولت ہو۔

اور ایک بات یہ ہے کہ جدید سائینس و ٹیکنالوجی اور کئی طرح کے علوم کا ذخیرہ آج کے دور میں انگریزی زبان میں زیادہ پایا جاتا ہے میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اصطلاحات انگریزی میں ہی ہونے چاہئیں ان کو سمجھنے کیلئے بھی راقم نے انگریزی کا کالم شائع کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ شائید یہ میری پہلی کتاب ہے جو اردو اور انگریزی میں شائع ہو رہی ہے آپ تمام حضرات سے تعاون کا طالب رہونگا تاکہ مستقبل میں اسطرح کے تخلیقی کام انجام دے سکوں۔ شکریہ!

فقط

محمد سمیع اللہ بختیاری

بی' ایس' سی۔ بی ای (سیول)

CONTENTS

فہرست

شکریہ

اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ سرکارِ دوعالم ﷺ کے اس غلام کو قابلیت وصلاحیت عطا کی جس کی وجہ سے اس کتاب کو لکھنے اور اشاعت کرنے کا کام تکمیل ہو سکا۔

دارالسلام کواپریٹیو بنک کا مشکور ہوں جس نے کتاب کی اشاعت کے لیے قرض فراہم کیا

فروغ اردو نئی دہلی کے ادارے سے مالی معاونت کیلئے درخواست کی گئی ہے اگر منظوری مل جائے تو بھی شکر گزار رہوں گا۔

Drawing Instrument & Material

Engineering Drawing is the language of engineers. The accuracy and neatness of engineering drawing depends on the quality of the instruments used. The drawing can be well prepared with good instruments. A comprehensive knowledge of the drawing instruments, material and drawing practices will enable students to prepare accurate and neat drawings. The different drawing instruments and materials, methods of using them are explained below.

The following list of instruments and other drawing material is required for the students.

(1) Drawing Board which should be fixed on the stand.
(2) Mini Drafter (without error)
(3) Protractor
(4) Instrument Box
(5) French Curves
(6) Drawing Paper
(7) Drawing Pencils (HB, 1H, 2H, etc)
(8) Pencil Sharpner
(9) Sand Paper (for sharpening the pencils)
(10) Drawing Board Clamps
(11) Pencil Eraser (Rubber) etc.

A **<u>Drawing Board</u>** is rectangular in shape and is made of strips of well seasoned soft wood, and the two battens fixed at the back of the Drawing Board.

The Drawing Board should be fixed on the metallic stand or kept any other table, with its working surface sloping downwards towards the student for convenience.

ڈرائینگ کے کام کیلئے درکار اشیاء اور آلات

انجینئرنگ ڈرائنگ کو انجینئروں کی زبان کہا جاسکتا ہے۔
جسکا اظہار نقشوں سے کیا جاتا ہے۔ نقشوں کے کام میں صفائی و درستگی، استعمال ہونے والے
آلات کی قسم پر منحصر ہوتی ہے۔ اچھے آلات سے نقشہ بہتر بنے گا۔ ڈرائنگ کے کام کے
آلات کے متعلق معلومات اور ڈرائنگ کرنے کی مشق کرنے سے طالب علم صاف و
درست نقشے بنانے کی قابل ہو جاتے ہیں۔

مختلف قسم کے آلات، اشیاء اور ان کو استعمال کرنے کے طریقے۔

(1) ڈرائنگ بورڈ، جو اسٹانڈ پر لگایا جائے گا۔ (2) منی ڈرافٹر
(3) پرٹراکٹر (4) آلات کا بکس (5) قوسیں بنانے کیلئے آلات (6) ڈرائنگ کیلئے کاغذ
(7) ڈرائنگ کرنے کیلئے پنسل جو (HB, 1H, 2H) کے اقسام کے ہوں۔
(8) پنسل چھلنے کا شارپنر (9) سینڈ پیپر (10) ڈرائنگ بورڈ کیلئے کلپ
(11) پنسل کی لکیروں کو مٹانے کیلئے ربر وغیرہ

ڈرائینگ بورڈ مستطیل کی شکل میں لکڑی کے سیدھے ٹکڑوں (Battens)
سے بنا ہوتا ہے۔ جو آپس میں جڑائے جاتے ہیں۔ ڈرائنگ بورڈ کو کسی لوہے کے اسٹانڈ پر
جکڑ دینا چاہیئے یا کسی میز پر، طالب علم کی جانب جھکا ہوا رکھیں تاکہ ڈرائنگ کے کام میں
سہولت ہو۔

ڈرائنگ کے آلات میں مثلث نما (Set Squares) ہوتے ہیں۔ جن میں سے اتاری
گئی لکیریں، نقشے و غیر شفاف ہونے سے نظر آتے ہیں۔ آجکل یہ پلاسٹک کے مادے سے

Nowadays **Set-Squares** are made of transparent materials, the lines underneath can be easily seen. The Set-Square are triangular in shape and one of the angles is a right angle.

Semi Circular **Protractors** are generally made of transparent plastic material, the working edge of **Protractor** is usually bevelled.

The Semi-Circular **Protractor** is about 100mm in diameter and is graduated at every 10° interval readable from both the ends. The straight line that is marked joining 0° & 180° is called the base of the Protractor. The Centre of the base is marked by a line perpendicular to it.

The **Compass** is the most frequently used element in the instrument box. It is used for drawing circles with pencil. It consists of two legs hanged together at the top end (fig IM3). An adjustable pointed needle is fitted at the lower end of one leg. A pencil lead is inserted at the lower end of the other leg which is provided with a knee joint.

For drawing circles of small diameter and arcs of comparatively smaller radii, **Small Bow Compass** (fig IM6) is used.

Divider also consists of two legs hinged together at the top end. A steel point is provided at the lower end of each leg. (fig IM7)

French Curves are also made of transparent material. These are used to draw curved lines.

Drawing Pencils is the most important tool used in engineering drawing. Drawing Pencils are made in different grades. The "HB" grade pencil is medium soft and dark in black colour, whereas 1H, 2H, grade pencils hard and light in black colour. "HB" Pencil is used for free hand works. Thin and light lines drawn by 1H & 2H pencils.

بنائے جاتے ہیں۔ یہ مثلث نما آلات کا ایک زوایہ، (90) درجے کا ہوتا ہے۔

نصف دائرہ کی شکل (Semi Circular Protector) کا آلہ میں سے بھی ڈرائنگ کے نقشے، لکیریں وغیرہ نظر آتی ہیں۔ اس کا کنارہ نوک دار بنایا جاتا ہے۔ اور یہ آلہ بھی شفاف ہوتا ہے۔

آلات کے بکس میں کمپاس (Compass) زیادہ استعمال ہونے والا آلہ ہے یہ پنسل سے دائرا اتارنے نے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے دونوک دار سرے ہوتے ہیں جو اوپر سے جڑے ہوتے ہیں۔ اوپر کے حصے میں ایک سوئی لگی ہوئی ہوتی ہے جس سے کمپاس کے پروں کو دور یا نزدیک کیا جاتا ہے۔ ایک سرا محور پر ٹکایا جاتا ہے اور دوسرے سرے پر پنسل کی نوک لگائی جاتی ہے۔ پنسل لگانے کیلئے الگ حصہ ہوتا ہے جو کمپاس کے سرے سے جڑا ہوتا ہے۔

چھوٹے نصف قطر کے دائرے اور قوسیں اتارنے کیلئے چھوٹا کمپاس استعمال ہوتا ہے قوسیں اتارنے کے آلات (French curves) شفاف پلاسٹک کے مادے سے بنے ہوتے ہیں۔

انجنیئرنگ ڈرائنگ کرنے کیلئے پنسل ایک اہم آلہ ہے۔ ڈرائنگ پنسل مختلف طرح کے ہوتے ہیں۔ جیسے (HB) پنسل نرم اور گہرا ہوتا ہے جبکہ (1H) اور (2H) پنسل سخت اور ہلکے سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں (HB) پنسل سے اصل نقشے جیسے دائرے، قوسیں، اور کئی طرح کے نقشے اتارے جاتے ہیں۔ باریک اور ہلکی سیاہ لکیریں (1H) اور (2H) پنسل سے اتاری جاتی ہیں۔


Drawing Pins are used to fix the drawing sheet on the drawing board at the required place. Frequent use of pins spoiled the surface of the board. It is better to use board clamps instead of pins.


ڈرائنگ پن (سوئی) ڈرائنگ کے کاغذ کو بورڈ پر لگانے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس کا زیادہ استعمال بورڈ کو خراب کر دیتا ہے اس کے بجائے کلاپس (Clamps) استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

Eraser (Rubber) is used to remove the extra lines and line drawn by mistakes. The eraser used should be such that the surface of the drawing paper is not spoiled in any way. Use of eraser should be minimize by proper planning.


ربر کا استعمال لکیروں اور نقشوں کو مٹانے کے لئے ہوتا ہے۔ اسکا استعمال، صحیح ڈھنگ سے نقشے اتارنے سے کم ہو سکتا ہے۔ جہاں تک ہو سکے ربر کا کم استعمال کریں۔ اور نقشہ اتارنے سے قبل اچھی طرح ذہنی طور سے تیار ہو جائیں۔


Note : Figures for Drawing Instrument & Material will be shown in the next pages.






Compass






Protractor



Set Squars



French Curve

Lines, Lettering

Technical Drawing are the main line of communication between the originator and user, between a consultant and his client. Neat well executed technical drawing helps to establish confidence. Much efforts and thoughts is needed with respect to lettering, and spacing in order to produce an acceptable drawing of high standard.

The following notes of details will assist the draughtsman to improve the technique of lettering.

Writing of notes, names and other important particulars on a drawing is called <u>**Lettering**</u>. It is an important part of a drawing. Lettering should be done properly in clear, legible and uniform style. Efficiency in the art of lettering can be achieved by careful and continuous practice.

<u>**Single-Stroke-Letter :-**</u> The thickness of the lines of the single-stroke letters is obtained in one stroke of the pencil. It means that the thickness of the line of the letters should be uniform. The horizontal lines of letters should be drawn from left to right and vertical or inclined from top to bottom.

Single Stroke Letters are of two types:

(I) VERTICAL (ii) INCLINED

Both the Vertical and Inclined Letters and numerals are suitable for general use. Inclined letters lean to right the slope being (15°) to right from Vertical Line. or 75° to the Horizontal Line from right hand side. The dimensions for letters, Vertical and Inclined depends upon the size of the drawing and the purpose for which it is prepared.

Single-stroke inclined capital letters and figures are shown in (fig.LT-1). The lower-case letters are usually used in architectural drawings. Vertical and Inclined lower-case

حروف اور لکیریں

تکنیکل ڈرائنگ، تخلیق کرنے والے شخص اور اسکے استعمال کرنے والے فرد کے درمیان ایک رابطہ کا کام کرتا ہے۔

یہ مشورے دینے والے فرد اور اسکے گاہک کے درمیان ربط پیدا کرتا ہے۔ اچھے، صاف و درست تکنیکی نقشوں سے صحیح طور سے کام انجام پائیں گے۔ حروف کو لکھنے سے قبل ذہنی طور سے تیار ہونا چاہیئے۔ حروف کی لکھائی اور ان کے درمیان کی جگھوں کا خیال رکھنا ضروری ہوگا۔ تاکہ ڈرائنگ کا کام معیاری ہو سکے۔ ڈرائنگ کے کام کیلئے ذیل میں دی گئی تفصیلات مددگار ہے۔

تفصیلات لکھنے، نام اور دوسرے اہم تفصیلات بتانے کے ڈرائنگ کے کام کو (Lettering) کہا جاتا ہے۔ یہ ڈرائنگ کا اہم کام ہے۔ حروف لکھنے کا کام (Letter-ing) صاف دکھائی دینے والا، مناسب اور صحیح طور سے کیا جانا چاہیئے۔ اس کام میں مہارت حاصل کرنے کیلئے مسلسل مشق اور ذہانت کی ضرورت ہوتی ہے۔

<u>سنگل اسٹروک لیٹر</u> : یعنی ایسے انگریزی حروف جن کی موٹائی مناسب انداز میں ہو۔ اور یہ پنسل سے ایک ہی کوشش میں لکھے جائیں یعنی لکھنے کے دوران پنسل کی نوک کاغذ کے اوپر سے نہ اٹھنے پائے۔ ان حروف کو لکھنے کیلئے افقی لکیریں اور کھڑی لکیریں اتارنی ہونگی۔ افقی لکیریں، بائیں سے دائیں جانب کھڑی اور جھکاؤ رکھنے والی لکیریں اوپر سے نیچے کی جانب اتاری جانی چاہیئے۔ سنگل اسٹروک حروف دو طرح کے ہوتے ہیں

(i) کھڑے (Vertical) (ii) جھکاؤ رکھنے والے (Inclined)

alphabets are shown in figures respectively. The width of the majority of letters is equal to the height.

All letters should be uniform in shape, slope, size, shade and spacing. The shape and slope of every letter should be uniform throughout a drawing for maintaining uniformity in size thin and light guide-lines may first be drawn and lettering may then be done between them. The shade of every letter must be the same as that of the outlines of drawings, i.e., intensely black.

Draw Thin Horizontal lines 4mm equally spaced upto 24mm. The total Height of the lines should be 24mm.

Draw thin Vertical line 4mm equally spaced upto 24mm width and complete the square. Such type of each square contains 24 squares of size 4mm x 4mm, keep the distance between each block 8 mm. Draw (26 numbers) square blocks for (26) capital letters and 10 (nos) square blocks for numbers. Similarly draw inclined square blocks of 24mm for inclined lettering and numbering.

Then draw vertical and inclined capital letters and numbers, as shown below in the reduced size.

{Draw here all vertical & inclined capital letters and numbers}.

For small letters draw thin lines 4mm equally spaced upto 24mm, and make square block of 16mm x 16mm for vertical as well as small letters. . The following small letters shown below in the reduced size.

{Draw here all vertical & inclined small letters}

The direction of writing all letters and numbers are shown figures

LINES :- A definite system of lines is used in Engineering

دونوں کھڑے اور جھکاؤ رکھنے والے انگریزی حروف اور اعداد، استعمال کیلئے مناسب ہوتے ہیں۔ جھکاؤ رکھنے والے حروف سیدھے، جانب جھکے ہوئے ہونگے اور یہ افقی لکیر سے 75 کا زاویہ یا کھڑی لکیر سے 15 کا زاویہ بنائیں گے۔ ان حروف کی لمبائی و چوڑائی مختلف ڈرائنگ کے کام کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔

ذیل کے خاکوں میں سنگل اسٹروک کھڑے اور جھکاؤ رکھنے والے انگریزی حروف بتائے جارہے ہیں۔ چھوٹے انگریزی حروف جیسے (a, b, c, - - - - -) عموماً آرکیٹیکچر ڈرائنگ کے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں۔ کھڑے اور جھکاؤ رکھنے والے چھوٹے انگریزی حروف ذیل کے خاکوں میں دیئے جارہے ہیں۔ تمام حروف کی چوڑائی اس کی لمبائی کے مساوی ہوتی ہے۔

تمام حروف مناسب موٹائی، لمبائی اور چوڑائی کے ہونے چاہئیں۔ ان کے درمیان جگہ بھی مساوی رکھی جانی چاہیئے اور یہ جھکاؤ بھی یکساں رکھتے ہوں۔ لکیریں ہلکے سیاہ رنگ کی ہوں اور انگریزی حروف و اعداد دبیز اور گہرے سیاہ رنگ کے ہونے چاہیئے۔ اس کیلئے (HB) پنسل استعمال کریں اور لکیریں اتارنے کیلئے (1H, 2H) پنسل استعمال کرنے ہونگے۔

حروف اتارنے کیلئے 4 ملی مٹیر کے فاصلے سے 24 ملی مٹیر تک ہلکی سیاہ کھڑی اور آڑی (افقی) لکیریں اتاری جائیں۔ اور ان بنائے گئے مربعوں کے درمیان جگہ چھوڑی جائے۔ جیسا کہ خاکوں میں بتایا جارہا ہے۔ ہر ایک مربع (24 x 24) ملی مٹیر کا ہونا چاہیئے۔ اور کسی دو مربعوں کے درمیان 8 ملی مٹیر کی جگہ رکھی جائے۔ کھڑے اور آڑے (جھکاؤ رکھنے

drawing in order to describe different objects completely and accurately. Each line in a drawing has a definite measuring and is executed in a specific way to defined the shape and size of the object. Different types of lines, their thickness and applications are outlined in this section.

TYPES OF LINES :- The description and application of different lines are given in table.

PRINCIPAL LINES OR OUTLINES :- The lines drawn to represent the visible edges and the surface boundaries of objects are called principal lines are outlines. These are continuous thick lines.
(Example :-A)

SECTION LINES :- These are used to indicated the cut surfaces of objects in sectional views. They are continuous lines inclined at 45° to the axis or to the main outline of the section. Spacing between these hatching lines is uniform and should be chosen in proportion to the size of the hatched section. These lines are thin (Example :- B)

CONSTRUCTION LINES :- These lines are used for constructing drawings - They are continuous thin lines. (Example:B)

DASHED LINES :- Hidden features of objects are shown by lines made up of short dashes, spaced at equal distances. The points of intersection of these lines with the outlines or another hidden line should be clearly indicated. These lines are dashed thick or dashed thin. On any one drawing only one type of line should be used, (chain line) (Example :- D)

CENTRE LINES :- These lines consist of alternate long and short dashes, evenly spaced. They are drawn at the centre of the figures symmetrical about an axis or both the axes. They are extended beyond the boundary of the figure by a short distance. These lines are thin.

والے)حروف کی تعداد کے مطابق(26)، (26)مربع اتارے جائیں اور اعداد کیلئے (10)مربع بنائے جائیں۔

چھوٹے انگریزی حروف کیلئے 4 ملی مٹیر کی جگہ رکھی جائے لکیریں آڑھے اور کھڑے اتار جائیں۔ اسی طرح جھکاؤ رکھنے والے حروف کیلئے بھی لکیرں اتاریں ۔ (26)مربع کھڑے حروف (Vertical Letters)کیلئے اور(26) معین (جھکاؤ رکھنے والے)حروف کیلئے اتارے جائیں۔ذیل میں خاکے دیئے جارہے ہیں۔اور حروف لکھنے کے طریقے بھی بتائے جارہے ہیں۔

<u>لکیریں</u>: کسی شئے کو صحیح اور بہتر طور سے بتانے کیلئے لکیریں اتارنے کے قواعد ہوتے ہیں۔ ہر ایک، لکیر ڈرائنگ کے نقشے میں اپنی مستقل لمبائی رکھتی ہے اور یہ مختلف طرح کی لکیریں اور ان کی موٹائی اور استعمال کو ذیل میں تحریر کیا گیا ہے۔

<u>(لکیروں کی قسمیں)</u> (i) بڑی، خاکے بنانے کی لکیریں (Principal Lines)یا (Out lines) کہلاتی ہیں یہ لکیریں کسی شئے کے دکھائی دینے والے کناروں اور ان کی سطحوں کو بتانے کیلئے استعمال کی جاتی ہیں۔یہ لکیریں مسلسل اور دبیز و گہری ہوتی ہیں۔

(ii) سیکشن اتارنے کی لکیریں : یہ لکیریں کسی شئے کے قطع کئے گئے حصے کو بتانے کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔یہ تسلسل میں ہوتی ہیں اور(45)درجہ کا زوایہ محور کی لکیر یا خاکے کی لکیروں سے بناتی ہیں۔ان کے درمیان مستقل و مناسب جگہ رکھی جاتی ہے یہ باریک لکیریں ہوتی ہیں۔

<u>کنسٹرکشن کی لکیریں</u>: یہ ڈرائنگ کے نقشے بنانے کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔یہ باریک تسلسل

DIMENSION LINES :- These lines are continuous and thin (Example :- B)

PROJECTION LINES :- These lines are continuous and thin. They extend slightly beyond the respective dimension lines. (Example:- B)

CUTTING PLANE LINES :- These lines are made up of alternate Long and short dashes, thickened at the ends, bends and changes of direction and thin elsewhere and designated by capital letters. The dashes are evenly spaced and used to show the location of cutting planes.

BREAK LINES :- Wavy continuous line drawn free hand or a straight continuous line with zig - zag is used to represent breaks. Only one type used on any one drawing. Straight line with zig - zags is used for production of drawings by machines. These lines are thin.

BORDER LINES :- These are continuous lines of minimum thickness of 0.5mm. This are used for defining the frame.

THICKNESS OF LINE :- Two thicknesses of lines are used. The ratio of the thick to the thin line shall not be less than 2 : 1.

NOTE :- For all views of one piece to the same scale, thickness of the lines should be the same.

SPACING OF LINES :- The minimum space between parallel lines, including hatching, should never be less than twice the thickness of the heaviest line.

Note : Figures for Lines & Lettering will be shown in the next pages.

میں پائی جاتی ہیں۔

ڈاشیس اتارنے کی لکیریں : یہ لکیریں چھپے ہوئے حصوں کو بتانے کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔ یہ لکیریں مساوی ڈاشیس اور جگہ پر مبنی ہوتی ہیں ان لکیروں اور دوسری طرح کی لکیروں کے حصے قطع کئے ہوئے۔ نکات کو بتانا ضروری ہوگا۔ یہ باریک یا دبیز ڈاشس پر مبنی ہوتی ہیں۔

ڈرائنگ کے کسی نقشے کیلئے کوئی ایک طرح کی لکریں استعمال کی جانی چاہیئے۔

سنٹر لائین (لکیر) : یہ لکیر بڑے اور چھوٹے ڈاشس جو مساوی جگہ رکھتے ہوں پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ کسی خاکے کے درمیان میں اتاری جاتی ہے یا کسی خاکے کو دو یا چار حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔ اور یہ خاکے سے آگے۔ پیچھے کی جانب تک اتاری جاتی ہے۔ یہ باریک لکیر ہوتی ہے۔


ڈائی منشن لائین (لکیر) : یہ لکیر تسلسل میں اور باریک ہوتی ہے (جو جدول میں بتائی گئی ہیں)

پراجکشن لائین (لکیر) : یہ لکیریں بھی باریک اور تسلسل میں ہوتی ہیں۔ یہ کسی خاکے کے باہر آگے یا پیچھے کی جانب اتاری جاتی ہیں۔

قطع کی گئی سطح کو بتانے کی لکیریں : یہ لکیریں بڑے اور چھوٹے ڈاشس پر مبنی ہوتی ہیں۔ اس کے کنارے اور مڑھے ہوئے حصے دبیز ہوتے ہیں۔ آنے والے صفحات میں دیئے گئے جدول میں یہ لکیریں بتائی گئی ہیں۔

بریک لائین (قطع کی گئے حصوں کو بتانے کی لکیریں) : یہ لکیروں کو بھی دیئے جدول میں بتایا گیا ہے۔ یہ مسلسل اور تیڑھی میڑھی (Zig Zag) ہوتی ہیں۔ اور باریک ہوتی ہیں۔ اس طرح کی کسی ایک لکیر کو مکمل نقشے میں استعمال کرنا چاہیئے یہ لکیریں مشینوں کے نقشوں میں بھی استعمال کی جاتی ہیں۔


بارڈر لائین (لکیر) : یہ لکیریں تسلسل میں ہوتی ہیں اور ان کی موٹائی (0.5) ملی میٹر ہوتی ہے یہ کسی خاکے کو بتانے استعمال کی جاتی ہیں۔





لکیر کی موٹائی : دو طرح کی موٹائی رکھنے والی لکیریں استعمال کی جاتی ہیں۔ موٹی لکیر اور باریک لکیر کا تناسب (2:1) سے کم نہیں ہونا چاہیئے۔

نوٹ : کسی بھی ایک نقشے کیلئے لکیروں کی موٹائی مساوی ہونی چاہیئے۔


لکیروں کے درمیان فاصلہ : متوازی لکیروں کے درمیان کم از کم فاصلہ کسی لکیر کی موٹائی کے دگنا برابر سے کم نہیں ہونا چاہیئے۔







Types of lines (Table)

Example	*Line width mm*	*Application*
A Continuous (thick)	0.7	Visible edges and outlines
B Continuous (thin)  Continuous thin Zig-Zag	0.3	1. Dimension lines 2. Hatching lines for cross sections 3. Leader lines 4. Outlines of revolved sections 5. Outlines of adjacent parts 6. Imaginary outlines and edges
C Continuous (thin) irregular	0.3	Limits of partial views or sections provided the line is not an axis
D Short dashes (thin) Short dashes (thick)	0.3	Hidden outlines and edges
E Chain (thin)	0.3	1. Centre lines 2. Extreme positions of moveable parts
F Chain (thick)	0.7	Used for surfaces which have to meet special requirement
G Chain line 0.3, with thick line 0.7 at ends and at changes in direction, to indicate cutting planes		Cutting planes which may be in one or more parallel planes. continous planes or intersecting planes Refer to later chapter on Sections for further details and examples

سیدھی لکیروں کی قسمیں (دیئے گئے جدول کا ترجمہ)

(A) دبیز سیدھی لکیر تسلسل میں، جس کی موٹائی 0.7 ملی میٹر ہوتی ہے۔ اور یہ خاکے بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔

(B) باریک سیدھی لکیر تسلسل میں، جس کی موٹائی 0.3 ملی میٹر ہوتی ہے۔ یہ لمبائی و چوڑائی بتانے، سکشن کے حصے، گھومے ہوئے حصوں، خاکوں کے حصے تصوراتی خاکوں اور ان کے کناروں کو بتانے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔


(C) باریک تیڑھی میڑھی لکیر کسی شئے کے کچھ حصے، اور سکشن کے حدود بتانے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ یہ لکیر (Axis) کیلئے استعمال نہیں ہوگی۔ اسکی موٹائی (0.3) ملی میٹر ہوگی

(D) دبیز اور باریک ڈاش چھپے حصوں اور کناروں کو بتانے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس کی موٹائی 0.3 ملی میٹر ہوگی۔


(E) باریک چین لائیں (لکیر) کی موٹائی 0.3 ملی میٹر ہوگی یہ درمیانی لکیروں اور حرکت کی حالت میں میشن کے حصوں کے سرحدات بتانے کیلئے استعمال کی جاتی ہے۔


(F) اس لکیر کی موٹائی 0.7 ملی میٹر ہوتی ہے اور یہ دبیز چین لائیں (لکیر) کہلائے گی۔ یہ سطحوں کے خصوصیات بتانے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔


(G) چین لائین (لکیر) موٹائی 0.3 ملی میٹر اور اس کے سرے 0.7 ملی میٹر دبیز ہوتے ہیں۔ سروں کے علاوہ رخ بدلنے کی جگہوں پر بھی 0.7 ملی میٹر موٹائی لی جاتی ہے۔ جو قطع کی ہوئی سطحوں کو بتانے کیلئے ہوتے ہیں۔




11








abcdefgh
jklmnopqr
stuvwxyz

SYMBOLS AND CONVENTIONS


Symbols and Conventions are used to save time and avoid confusion which would otherwise arise in highly detailed drawings and in interpreting the drawing of materials that look alike.

A Symbol is a sign or mark used to represent an object, idea or process. A Convention is an accepted standard which has been adopted for clarity.

Various types of symbols are shown in the following page.

علامات ونشانات

علامتیں اور نشانات وقت کی بچت اور شبہات دور کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ علامتیں کسی شئے کی تفصیلات کے مطابق بنائی جاتی ہیں اور یہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں۔ ذیل میں مختلف اشیاء کی علامتیں بتائی جا رہی ہیں۔



BASIC CONSTRUCTIONS

TO BISECT A LINE :**Fig. (GC 1)**Line AB. Open the compass to more than half the length. With point on A, and then on B, strike an arc above and below the line. Then join the intersection above and below the line.
The line you have constructed divides AB into two equal parts and is at right angles to it.

TO BISECT AN ANGLE : **Fig. (GC 2)**Angle XYZ. Place compass point on Y and strike an arc to cut XY and then ZY.
With compass at same setting, place point at are arc on XY.
Strike an arc between the two arms of the angle.
Likewise strike a new arc from the point on ZY.
Where these new arcs intersect, draw a line to point Y. This line will bisect the angle.




Fig. (GC 1)

ڈرائینگ کے بنیادی نقشے

کسی لکیر کو دو حصّوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ:۔

سیدھی لکیر AB کو دو حصّوں میں مساوی تقسیم کرنے کیلئے کپاس (Compass) کے ذریعے لکیر AB کی آدھی سے کچھ زیادہ لمبائی لی جائے۔ لکیر کے دونوں A اور B کو مرکز بنا کر قوس کھینچئے۔ جو ایک دوسرے کو کاٹ دیں گے۔ ان نکات سے گزرتی ہوئی ایک سیدھی لکیر اتاری جائے۔ یہ کھڑی لکیر (Vertical line) دی گئی سیدھی لکیر AB کو دو حصّوں میں تقسیم کرے گی اور یہ لکیر AB پر (90^o) درجہ کا زاویہ بتائے گی۔

کسی زاویہ کو دو حصّوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ:۔

زاویہ XYZ دیا گیا ہے۔ اسے دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنے کیلئے کپاس کو نقطہ پر رکھیں اور سیدھی لکیریں XY اور ZY کو قوسیں بناتے ہوئے قطع کریں۔ پھر کپاس کو اسی حالت میں رکھتے ہوئے لکیریں XY اور ZY کے قطع کئے ہوئے نکات سے قوسیں اتاریں جو آپس میں ایک دوسرے کو قطع کریں گی۔ ان قوسوں کے قطع کیئے ہوئے نقطہ سے راس (Y) کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ یہ سیدھی لکیر زاویے (XYZ) کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرے گی۔




Fig. (GC 2)

TO CONSTRUCT A WELL PROPORTIONED RECTANGLE CREATING A GOLDEN SECTION: Fig. (GC 3)

First draw a square. Bisect the bottom line to find the mid-point A.
Place your compass point on A and open the compass to the right corner of the square B.
Then scribe an arc to meet the extended base line C.
Complete the rectangle.
The rectangle can be divided into a square, and a rectangle, which is proportionally identical to the original rectangle. The new rectangle can be further subdivided in the same proportion to help fix points of design interest.

TO FORM A SQUARE AND RECTANGLE INSIDE THE GOLDEN SECTION: Fig. (GC 4)

Set compass to short side of rectangle from point A. Swing arc to cut long side of rectangle at B and draw perpendicular to C.




Fig. (GC 4)




Fig. (GC 3)

متناسب مستطیل بناتے ہوئے گولڈن سیکشن اتارنے کا طریقہ:۔

سب سے پہلے ایک مربع اتاریئے۔ جسکا ضلع 50 ملی میٹر ہو۔ اسکے نیچے کے ضلع کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کریں اور درمیان کے نقطہ کا نام 'A' رکھیں۔
کمپاس کی نوک کو نقطہ A پر رکھیں اور کمپاس کی دوسری نوک کو نقطہ B تک بڑھائیں۔ ایک قوس نیچے کی لکیر کی جانب کھینچیئے۔ یہ لکیر لمبائی میں نقطہ 4 تک بڑی ہو جائے گی۔ پھر ان نکات سے مستطیل بنائیے۔
یہ مستطیل کو مربع اور چھوٹے مستطیل میں تقسیم کیجیے۔ چھوٹا مستطیل، اصل مستطیل کے تقابل میں متناسب ہوگا۔ پھر اس نئے چھوٹے م مستطیل سے مزید مربع اور مستطیل بنا سکتے ہیں اور متناسب مستطیل اتار سکتے ہیں۔

گولڈن سیکشن میں مستطیل اور مربع بنانے کا طریقہ:۔

کمپاس کی نوک کو مستطیل کے چھوٹے ضلع کے ایک نقطہ A پر رکھیئے۔ پھر ایک قوس کھینچیئے جو مستطیل کے بڑے ضلع کو نقطہ B پر قطع کرتی ہو۔ نقطہ 'C' پر ایک سیدھی لکیر عموداً (Perpendicular) اتاریں۔

CIRCLES WITHIN SQUARES: Diagnols are used to determine centres, **Fig.** (**GC** 5) In the final square, angle A has been bisected to cut the centre line in order to find the centre of the first circle. Take side length of square as 50mm.

CIRLCES WITHIN TRIANGLES: **Fig.** (**GC** 6)

Start by using the construction shown in GC to bisect each side of the trinagle. Angle DAB is bisected to intersect the line EC to find the centre for the first circle. Use this radius to form the other two circles. (Take side length of Triangle as (50mm)

In **Fig.** (**GC** 7) angle CEB is bisected to intersect the line drawn to bisect the angle of the triangle ABC.
Use the distance B to the centre of the circle to find the centres of the remaining two circles.

This construction can be developed into the final trefoil type design **Fig.** (**GC** 8)

آرائیشی کام (Tracery Panels) کے خاکے بنانے کا طریقہ

ڈرائنگ کے اس طریقے میں مثلث، مستطیل، مربع وغیرہ میں دائرہ اتارے جاتے ہیں مربع میں دائرہ اتارنے کیلئے اسکے مقابل کے کونوں (راسوں) کو لکیر سے ملایا جائے جسکو وتر (**Diagnols**) کہا جاتا ہے۔ ان وتر کے قطع کیئے ہوئے نقطہ کو مرکز بنا کے دائرہ اتاریئے۔ یہاں پر مربع کا ضلع **50** ملی میٹر لیا گیا ہے۔

مثلث میں دائرے بنانے کا طریقہ

مثلث کے ضلع کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کیجیئے۔ پھر زاویہ **DAB** کو دو حصّوں میں تقسیم کرنے کیلئے سیدھی لکیر اسطرح اتاریں کے یہ سیدھی لکیر (**EC**) کو قطع کرتی ہو۔ پھر اس نقطہ قطع کو مرکز بنا کر دائرہ اتارا جائے جو مثلث کے ایک ضلع کو چھوتا ہو بنے گا۔ باقی دو دائرے اسی طریقے سے اتاریئے۔ یہاں یہ مثلث، مساوی الااضلاع ہوگا اور اس کی ایک ضلع کی لمبائی **50** ملی میٹر لی جارہی ہے۔

ذیل کے صفحات میں ایک اور مثلث (**ABC**) میں تین دائرے بنائے گئے ہیں۔
اس مثلث میں زاویہ **CEB** کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ زاویہ **CEB** سے نکلنے والی سیدھی لائین جسے ڈاشیس (-----) سے بتایا گیا ہے۔ یہ مثلث کے ضلعوں کو قطع کرنے والی لائین سے قطع ہوگی اور اس نقطہ کو دائرے کا مرکز بناتے ہوئے دائرہ اتاریں۔ اسطرح دوسرے دائرے بھی وہی نصف قطر کی لمبائی سے اتارے جائیں۔




Fig. (GC 5)




Fig. (GC 6)




Fig. (GC 7)




Fig. (GC 8)

Geometrical Constructions

Geometrical operations like division of straight lines and arcs, drawing parallels and perpendiculars, inscribing a regular polygon in a circle and drawing of tangents are based on the principles of plane geometry and hence are termed geometrical constructions. These geometrical constructions are employed in engineering drawings can be considered to be a sum total of a multitude of such constructions. Further, these constructions afford excellent opportunity to develop skill in the use of different drawing instruments. Hence it is essential that every student is conversant with these so that he may use them advantageously while preparing engineering drawings.

It is assumed that students have a clear understanding of the elements of plane geometry so that they will be able to apply the same. The accuracy and the professional appearance should always be aimed in these constructions.

Geometrical constructions relating to straight lines, circles, arcs of circles, regular polygons and tangents to circles and arcs are illustrated in this chapter.
Fig. (GC9) shows the different quadrilaterals.

جامیٹری کے قواعد پر مبنی نقشے

کسی سیدھی لکیر کو دو حصّوں میں تقسیم کرنا یا کسی قوس کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنا یا ان لکیروں اور قوسوں کو متوازی (Parallel) یا عموداً (Perpendicular) اتارنا، کسی مساوی الاضلاع خاکے (Regular Polygon) کو دائرے کے اندر اتارنا اور مماس (Tangents) اتارنا وغیرہ۔ اسطرح کے ڈرائینگ کے کام کو جامیٹریکل کنسٹرکشن کہا جاتا ہے۔

اسطرح کے ڈرائینگ ایک ساتھ اتارنے کے کام انجنیئرنگ کے نقشوں، خاکوں میں کیئیے جاتے ہیں۔ طلباء کو چاہیے کہ اسطرح کے ڈرائینگ میں عبور حاصل کریں

جامیٹریکل ڈرائینگ پر عبور حاصل کرنے سے ہم اسے بہتر طور سے تعمیر کے کاموں میں روبہ عمل لا سکتے ہیں۔ جامیٹریکل کنسٹرکشن جو سیدھی لکیریں (Straight lines) اور دائرے کی قوسیں، مساوی اضلاع پالی گن (Regular polygon) اور مماس (Tangents) جو دائروں پر بنائے گئے ہوں ان موضوعات پر مبنی اس سبق میں تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی۔

مندرجہ ذیل خاکوں میں مختلف طرح کے خاکے (Quadrilaterals) دیئے گئے





Fig. (GC 9)



(e)

(a) Square- Equal sides, adjacent sides perpendicular.
(b) Rectangle- opposite sides equal, adjacent sides perpendicular.
(c) Rhombus- Equal sides; opposite sides parallel but adjacent sides not perpendicular.
(d) Rhomboid- Opposite sides parallel adjacent sides not equal.
(e) Trapezoid- Two sides parallel.
(f) Trapezium- No sides parallel.
a,b,c and d are parallelograms.

Polygons

A plane figure bounded by straight lines is called a polygon. If the polygon has equal sides and angles, it is termed a regular polygon. A regular polygon can be inscribed in or circumscribed about a circle.
The regular polygons include:
(i) Pentagon - 5 sides
(ii) Hexagon - 6 sides
(iii) Heptagon -7 sides

ہیں۔ جنکے خصوصیات حسب ذیل ہیں۔
(a) مربع:۔ جسکے تمام ضلع مساوی اور ایک دوسرے پر عموداً (Perpendicular) ہوتے ہیں
(b) مستطیل:۔ جسکے مقابل کے ضلع مساوی ہوتے ہیں اور یہ ایک دوسرے پر عمود بناتے ہیں۔
(c) معیّن:۔ جسکے تمام اضلاع مساوی ہوتے ہیں اور متوازی (Parallel) ہوتے ہیں۔
مگر یہ اضلاع آپس میں عمود نہیں بناتے۔
(d) معیّن کی طرح شکل (Rhomboid) مقابل کے اضلاع متوازی (Parallel) ہوتے ہیں۔ اور یہ اسکے متصل (ملاہو) (Adjacent) اضلاع مساوی نہیں ہوتے۔
(e) ٹراپی زائیڈ (Trapezoid) جسکے صرف دو اضلاع متوازی (Parallel) ہوتے ہیں۔
(f) ٹراپی زیئم (Trapezium) جسکے اضلاع متوازی (Parallel) نہیں ہوتے ہیں۔

پالی گن (کثیر اضلاع کے خاکے) POLYGONS

پالی گن سیدھی لکیروں سے بنتا ہے۔ اگر یہ سیدھی لکیریں لمبائی میں مساوی ہوں تو اسکو مساوی الاضلاع پالی گن (Regular polygon) کہا جائے گا۔
یہ خاکے دائرے پر اندر یا باہر اتارے جاسکتے ہیں۔
ذیل میں دیئے خاکے (Regular polygon) کہلائیں گے۔

(iv) Octagon - 8 sides
(v) Nonagon - 9 sides
(vi) Decagon -10 sides
(vii) Dodecagon -12 sides




Fig. (GC 10)




Fig. (GC 11)




Fig. (GC 12)

Fig. (GC12) shows a chord, segment and a sector of a cirlce.
A chord is a straight line joining any two points on the circumference of a circle.
A segment is a portion of a circle which is bounded by a chord and an arc.
A sector is a portion of a circle which is bounded by two radii and the corresponding arc.

To bisect a given circular arc.
Let AB be the given circular arc drawn with centre O **Fig. (GC14)** With centres A and B and radius greater than half AB, draw arcs on both sides of AB intersecting each other at R and S. Join RS cutting AB at T. Then, arc AT = arc BT = 1/2 arc AB.
The bisector RS will pass through 0 if produced.

(1) پینٹا گن (Pentagon) جسکے اضلاع (5) پانچ ہوتے ہیں۔
(2) ہیگزا گن (مسدس) (Hexagon) جسکے اضلاع (6) چھے ہوتے ہیں۔
(3) ہپٹا گن (مسبع) (Heptagon) جو سات (7) اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے۔
(4) اوکٹا گن (مثمن) (Octagon) (7) آٹھ اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے۔
(5) نونا گن (Nonagon) (9) نو اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے۔
(6) ڈیکا گن (Decagon) دس (10) اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے۔
(7) ڈوڈیکا گن (Dodecagon) بارہ (12) اضلاع پر مشتمل ہوتا ہے۔

ذیل کے صفحے میں دیئے گئے خاکے دائرہ کا قطعہ (Segment) اور دائرہ کا (Sector) ہے
۔کوئی وتر (Chord) ایک لکیر ہوتی ہے جو دائرے کے محیط (Circumference) کے کوئی
دو نکات کو ملاتی ہے۔

دائرے کا قطعہ (Segment) کسی دائرہ کا وہ حصہ ہوتا ہے جو وتر (Chord) اور
قوس (Arc) کے اندر پایا جاتا ہے۔قطعہ (Sector) کسی دائرے کا وہ حصہ ہوتا ہے جو نصف
قطروں اور قوس سے مل کر بنتا ہے۔




Fig. (GC 13)




Fig. (GC 14)

To draw a perpendicular to given line

(a) At any point on it

AB is given line. Perpendicular to AB is to be drawn at N on it.

(i) Suppose N is near the middle of the line (GC A)
With centre N and any convenient radius R_1, draw an arc to cut AB at R and S.
With R and S as centres and any radius R_2, greater than R_1, draw arcs cutting each other at T. Join T and N. This line TN is the required perpendicular to AB at N.

(ii) Suppose N is near an end of the line **Fig. (GC16)**
With A as centre and AN as radius, draw an arc RS intersecting AB at T.
With T as centre and TN as radius, draw an arc to cut RS at U.
Join U and N. This line cutsAB at V. The line NV is the perpendicular dropped from N.

23 To divide a given straight line into any number of equal parts


<u>دائیروی قوس کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ:۔</u>

فرض کرو کہ AB ایک دائیروی قوس ہے جو دائرہ کے مرکز 'O' سے اتاری گئی ہے جسے ذیل میں دیئے گئے خاکے میں بتایا گیا ہے۔ A اور B پر کمپاس (Compass) کی نوک رکھ کر اور AB قوس کے آدھے سے زیادہ حصّہ کمپاس پر لے کر قوس AB کے دونوں جانب اتاری جائیں جو ایک دوسرے کو 'R' اور 'S' پر قطع کریں گی۔ 'R' اور 'S' کو ملایا جائے جو قوس AB کو نقطہ 'T' پر قطع کریں گے۔

اسلئے قوس RS.1/2 AB=AT=BT لکیر کو اگر بڑھایا جائے تو یہ دائرے کے مرکز 'O' سے گزرے گی۔

<u>کسی لکیر پر عمود (Perpendicular) اتارنے کا طریقہ:</u>۔(i)۔AB ایک لکیر دی گئی ہے۔ اس پر عمود ایک نکتہ 'N' پر اتارنا ہے۔ کمپاس کی نوک 'N' پر رکھی جائے اور کسی بھی لمبائی کا نصف قطر (R_1) لے کر قوس اتاری جائے جو لکیر AB کو R اور S پر قطع کرتی ہو۔ پھر R اور S کو مرکز بنا کر نصف قطر (R_2) (جو R_1 سے بڑا ہو) سے دو قوسیں اتاری جائیں جو ایک دوسرے کو قطع کریں گی۔ اور نقطہ قطع کا نام 'T' رکھیئے۔ اور نکات T اور N کو لکیر سے ملائیں۔ TN سیدھی لکیر AB کا عمود (Perpendicular) ہوگا۔ جو نقطہ 'N' پر واقع ہوگا۔

Fig. (GC 15)



Let AB be the given line which is to be divided into (say) six equal parts . Draw a line AR inclined at some convenient acute angle at AB.

Step - off six equal divisions of any convenient length along AR starting from A **Fig.** (GC15)) Join B and 6, Draw lines parallel to B6, through the divisions points 1,2,3,4 and 5 cutting AB at 1', 2', 3', 4' and 5'

The points 1', 2', etc. are division points dividing AB **into** six equal parts.

To draw a regular polygon given one side

Let it be required to draw a heptagon, this method can be used for drawing regular polygons or any number of sides.

AB is the given side of the required polygon.

With A as centre and radius equal to AB, draw a semi-circle NB.

Divide this semi- circle into as many parts as the number of sides of the polygon (Here it is divided into 7 parts), with a divider by trial and error.




Fig. (GC 16)


(ii) فرض کرو کہ 'N' لکیر کے ایک سرے سے قریب واقع ہے کمپاس کی نوک نقطہ 'A' پر رکھیئے اور اسے مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر 'AN' کے مساوی لے کر قوس اتاریں جسکا نام 'RS' بتائیں جو سیدھی لکیر AB کو نقطہ 'T' پر قطع کرے گی۔ پھر نقطہ 'T' کو مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر (TN) کے مساوی لے کر اور ایک قوس اتاریں۔ جو قوس "RS" کو "U" پر قطع کرتی ہو۔ 'U' اور 'N' کو لکیر سے ملائیں۔ یہ سیدھی لکیر، سیدھی لکیر AB کو نقطہ 'V' پر قطع کرے گی۔ 'NV' لکیر عمود (**Perpendicular**) ہوگا جو نقطہ 'N' سے اتارا گیا ہے۔

<u>دی گئی سیدھی لکیر کو کئی مساوی حصّوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ:۔</u>

فرض کیجیے کہ ایک سیدھی لکیر 'AB' دی گئی ہے جسکو چھ (6) مساوی حصّوں میں تقسیم کرنا مقصود ہے۔ اس سیدھی لکیر کے ایک سرے یعنی سرے A پر ایک لکیر ایسے اتاریں کے یہ دی ہوئی لکیر AB سے زاویہ حادّہ (**Acute angle**) بناتی ہو۔

°30 کا زاویہ حادّہ بنا سکتے ہیں۔ اور اس لکیر کی مناسب لمبائی لی جائے جیسے 6 سنٹی میٹر۔ اب ان 6 سنٹی میٹر کو 6 مساوی حصّوں میں تقسیم کریں تو ایک ایک حصّہ 1 سنٹی میٹر کا ہوگا۔ ان منقسم لکیروں کے نکات (1,2,3,4,5) سے لکیریں اتاریں۔ سب سے پہلے آخری نقطہ سے سیدھی لکیر اتارنا شروع کریں جو دی ہوئی سیدھی لکیر AB کے دائیں سرے کو قطع کرتی ہو۔ پھر باقی

Fig. (GC 17)



Number the division points as 1,2, etc. starting from N. Draw a line joining A and the second-division point 2. For any polygon, irrespective of the number of sides, the point 2 is always one of the vertices of the polygon.

Method 1

Draw a perpendicular bisectors of AB and A 2 cutting each other at 0 **Fig.** (**GC17)** With centre 0 and radius equal to OA draw a circle.


With AB, as radius, and starting with B cut the cirlce at points R, S, T and U. (Remember that point 2, one of the vertices of the polygon, is already established).

Join BR, RS, ST, TU, U2, to obtain the remaining sides of the required heptagon.

Special methods of constructing some regular polygons given one side PentagonFig. (GC19)

Draw AB equal to the given length of the side.Bisect AB.U is the point bisecting AB. Draw BV perpendicular and equal to AB

Fig. (GC 18)



نقطوں سے سیدھی لکیریں متوازی (Parallel) اتاریں۔ یہ لکیریں، لکیر AB کو (1,2,3,4,5) پر قطع کریں گے اور یہ نکات سیدھی لکیر AB کو (6) مساوی حصوں میں تقسیم کریں گے۔

دیئے گئے ضلع کے لمبائی کے مساوی اضلاع بناتے ہوئے مساوی الاضلاع پالی گن (Regular polygon) اتارنے کا طریقہ:۔

فرض کرو کہ سات (7) اضلاع پر مشتمل خاکہ (ہپٹا گن; Heptagon) اتارنا مقصود ہے {یہ طریقہ کسی بھی تعداد کے اضلاع پر مشتمل خاکہ کے ڈرائینگ کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے}

فرض کرو کہ سیدھی لکیر AB دی گئی ہے جسکے مساوی اضلاع پر مشتمل پالی گن اتارنا مقصود ہے۔ نقطہ 'A' کو مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر 'AB' کے مساوی لے کر نصف دائرہ اتاریں جسکا نام 'NB' رکھیں۔ اب اس نصف دائرے کو اتنے مساوی حصوں میں تقسیم کریں کہ جتنے اضلاع پر مبنی آپکو پالی گن اتارنا مقصود ہے۔ ہپٹا گن کیلیئے اس نصف دائرے کو (7) مساوی حصوں میں تقسیم کرنا پڑے گا۔ پھر ان منقسم حصوں کے نکات کے نام (1,2,3,4,---) وغیرہ رکھیں جو نقطہ 'N' سے شروع ہوتے ہوں۔ نقطہ 'A' سے نقطہ '2' کو ملاؤ۔ یہ نقطہ '2' ہمیشہ کسی

With U as centre and UV as radius, draw an arc intersecting produced at W. Then AW gives the length of the diagnol of the pentagon.

With B as centre and AW as radius, draw an arc cutting the arc drawn with A as centre and AW as radius at T.

With A as centre and AW as radius, draw an arc intersecting the arc drawn with B̄ as centre and AB as radius at R.

With A and B as centres and AW as radius, draw arcs cutting down each other at S.
Join BR, RS, ST And T The resulting polygon is the required pentagon. **Fig. (GC 19)**

Hexagon Fig. (GC 20)
With any point 0 as centre and the given length of the side as raduius, draw a circle.
Starting from any point on the circumference of the circle, draw arcs with the same radius (side) to divide the circumference of the circle into six parts. Join the division points to get the required hexagon.

Circumscription and inscription of polygons

If a regular polygon has each of its vertices on a circle, it is said to be inscribed in the circle; and the circle passing through the sides (i.e., tangential) is said to be circumscribed about the polygon.

بھی پالی گن کا راس (Vertex) ہوگا۔

<u>طریقہ نمبر (1)</u>:۔ سیدھی لکیر AB اور (A2) پر عمود اتاریئے۔ جو ان لکیروں کو مساوی حصّوں میں تقسیم کرتا ہوا اور یہ ایک دوسرے کو نقطہ 'O' پر قطع کرے۔

پھر 'O' کو مرکز بنا کر نصف قطر 'OA' کے مساوی لے کر دائرہ اتاریں۔

نصف قطر AB کے مساوی لیں اور دائرہ کو نقطہ B سے قطع کرنا شروع کریں۔ اسطرح (R,S,T,U) کو بھی قطع کیجئے۔ یہ یاد رکھیں کہ نقطہ (2) پالی گن کے راسوں میں سے ایک راس ہے جو کہ اتارا جا چکا ہے۔

TU,ST,RS,QR اور (U2) کو لکیروں سے ملائیں جو پنٹا گن کے اضلاع ہونگے۔

<u>پالی گن اتارنے کا طریقہ جبکہ اسکے ایک ضلع کی لمبائی دی گئی ہو</u>:۔

سیدھی لکیر AB اتاریئے جو دی گئی لمبائی کے مساوی ہو اور اسے دو مساوی حصّوں میں تقسیم کیجئے۔ نقطہ 'U' لکیر AB کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرے گا پھر BV عمود، لکیر AB کے مساوی اتاریں۔

نقطہ 'U' کو مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر کی لمبائی "UV" لے کر ایک قوس اتاریں جو نقطہ 'W' پر قطع کرے گی۔ "AW" لکیر پنٹا گن کے وتر کے مساوی ہوگی۔

پھر نقطہ B کو مرکز بنا کر اور 'AW' کے مساوی نصف قطر سے ایک قوس اتاریں جو نقطہ "A" سے اتاری گئی ہو اور 'AB' کے مساوی نصف قطر کی قوس پر نقطہ 'T' پر قطع کرتی ہو۔

نقطہ 'A' کو مرکز بنا کر اور 'AW' کے مساوی نصف قطر سے اور ایک قوس اتاریں جو نقطہ 'B' سے اور 'AB' کے مساوی نصف قطر کی قوس کو نقطہ 'R' پر قطع کرے گی۔

نقطے A اور B کو مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر 'AW' کے مساوی لے کر قوسیں اتاریئے جو ایک دوسرے کو نقطہ 'S' پر قطع کرتی ہوں۔

BR 'RS' اور TA کو لکیروں سے ملائیں۔ جو خاکہ حاصل ہوگا وہ مقصود پنٹا گن (Pentagon) ہوگا۔

To inscribe a regular polygon of any number of sides in a given circle

Draw the given circle. Draw radial lines from the centre in such a way that the angle between any two of them is equal to $360^0/n$ where n is the number of sides of the polygon. Mark the points of intersection of the radii with the circumference of the circle. Join these points in proper sequences to get the required polygon having n sides.

<u>ہیگزاگن (مسدس){Hexagon} اتارنے کا طریقہ:۔</u>

نقطہ 'O' کو مرکز بنا کر اور نصف قطر' دی گئی ضلع کی لمبائی کے مساوی لے کر دائرہ اتاریئے۔ پھر دائرے کے محیط پر کہیں سے بھی قوس اتارنا شروع کریں۔ جو دائرے کو قطع کرتے ہوں۔ اسطرح مسدس (ہیگزاگن) چھے (6) حصّوں میں تقسیم ہو جائے گا۔ پھر لکیروں کی مدد سے ان قطع کئے گئے قوسوں کے نکات کو آپس میں ملایئے۔ جس سے مسدس کا خاکہ تیار ہوگا۔




Fig. (GC 19)




Fig. (GC 21)




Fig. (GC 20)




Fig. (GC 22)

To construct a regular hexagon given the distance across corners Fig. (GC 21)

Distance across corners of a hexagon is actually the diameter of the circle circumscribing the hexagon.

Draw the circle with PQ/2 as a radius.

With P and Q as centres and with the same radius, draw arcs cutting the circle at points 2, 1, 3 and 4.

Join P1, 13, 3Q, Q4, 42 and 2P to get the required hexagon.

To construct a regular hexagon given the distance across flats Fig. (GC 22)

Distance across flats is actually the diameter of the inscribed circle.
Draw this circle.

Draw tangents to this circle with 30°- 60° set square. The resulting polygon is the required hexagon.

مساوی الاضلاع پالی گن (Regular polygon)

کے راسوں کے اطراف اور راسوں کے اندر دائرہ اتارنے کا طریقہ:۔

اگر کسی مساوی الاضلاع پالی گن کے راس میں دائرے پر پائی جاتے ہوں تو ایسے خاکے کو (Inscribed in circle) کہا جائے گا۔ اور اگر دائرہ ضلعوں کو چھوتا ہوا گزرے گا تو اسے (Circumscribed about the polygon) کہا جائے گا۔

کسی مساوی الاضلاع پالی گن کے راسوں کو دائرے پر اتارنے کا طریقہ:۔

مساوی الاضلاع پالی گن کے ضلع کی لمبائی کے مساوی نصف قطر سے دائرہ اتاریئے۔ پھر مرکز سے دائرے کے محیط کی جانب لکیریں اتاردیں۔ ان لکیروں کے درمیان کا زاویہ (360^o/n) کے مساوی ہونا چاہیے۔ جہاں 'n' سے مراد ضلعوں کی تعداد ہے۔ نصف قطر، دائرے کے جن نکات پر قطع کریں انکے نام رکھیئے۔ پھر ان نکات کو سیدھی لکیروں سے ملائیں جن سے مقصود مساوی الاضلاع پالی گن بنے گا۔ (صفحہ کا اختتام)

مسدس مساوی الاضلاع (Regular Hexagon) اتارنے کا طریقہ:۔

جسکے ضلع کی لمبائی دی گئی ہو:۔ کسی مسدس مساوی الاضلاع کے راسیں (Vertices) اگر دائرہ کے محیط پر واقع ہوں تو اسکے ضلع کی لمبائی دائرے کے نصف قطر کے مساوی ہوتی ہے۔

TANGENCY

Fig. (**GC** 23) shows a belt connecting two pulleys. Contact takes place at points C,D,E and F and these are known as tangency points. Lines CD and EF are tangents to the two circles and AF, AC, BD and BE are known as normals. The tangent makes an angle of 90^0 with its normal. The case shown gives a typical engineering application of external tangents.

To draw a tangent to a circle

(a) At any point P on the circle with 0 as centre, draw the given circle. P is any point on the circle at which tangent is to be drawn**Fig.** (**GC** 25)

Join 0 with P and produce it to P' so that OP = PP'

With 0 and P' as centres and a length greater than OP as radius, draw arcs intersecting each other at Q.

Draw a line through P and Q. This line is the required tangent that will be perpendicular to OP at P.

(b) From any point P outside the circle

With 0 as centre, draw the given circle. P is a piont outside the circle from which tangent is to be drawn to the circle **Fig.(GC 24)**

Join 0 with P. With OP as diameter, draw a semi-circle intersecting the given circle at M. Then, the line drawn through P and M is the required tangent.

If the semi- circle is drawn on the other side, it will cut the given circle at M'. Then the line through P and M' will also be a tangent to the circles from P.

اسلئے مسدس کے ضلع کے برابر نصف قطر سے دائرہ اتاریں پھر نکات Pاور Q کو مرکز بنا کر اور وہی نصف قطر سے قوسیں اتاریں جو دائرے کے نکات '2'1'3'4 پر قطع کرتے ہوں۔ 'P1' 13 '3Q'42 کو اور 2P کو سیدھی لکیروں سے ملایئے جس سے مقصود مسدس مساوی الاضلاع بنے گا۔

<u>مسدس مساوی الاضلاع بنانے کا طریقہ اگر اسکے وتر کی لمبائی دی جائے</u>:۔

مسدس مساوی الاضلاع کے وتر کی لمبائی اصل میں اسکے راسوں پر اتارے جانے دائرے کا قطر (Diameter) ہوتا ہے۔ نصف قطر سے دائرہ اتاریئے۔ پھر اس پر مماس (Tangents)' 30^0 درجے اور 60^0 درجے کے زاویوں سے اتاریں۔ حاصل ہونے والا پالی گن مسدس مساوی الاضلاع ہوگا۔

مماس اتارنے کا طریقہ {TANGENCY}

ذیل میں دیئے گئے خاکے دو چرخیوں (Pulleys) پر بیلٹ (Belt) بتایا گیا ہے۔ اگر نکات C 'D 'E اور F پر سیدھی لکیریں اتاری جائیں تو یہ ایک ایک نقطوں کو چھوتی ہوئی گزریں گی اور یہ نکات (Tangency points) کہلائیں گے۔ سیدھی لکیریں CD اور EF اور BE کو (Normals) نارمل کہا جائے گا۔ Fig. (GC 23)

مماس (Tangents)' (Normal) کے ساتھ 90^0 درجے کا زاویہ بنائیں گے۔ اسطرح کے خاکے انجنیئر نگ کے کئی طرح کے عملی مقاصد کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔




Fig. (GC 23)




Fig. (GC 24)




Fig. (GC 25)




Fig. (GC 26)




Fig. (GC 27)

To draw a tangent common to two equal circles externally Fig. (GC 26)

With O_1 and O_2 as centres, draw the given circles of same radii.

Join O_1 and O_2. Erect perpendiculars to $O_1 O_2$ and at O_1 and O_2 on one side of $O_1 O_2$ cutting the circles at A and B.

Then, a line drawn through A and B is the required tangent.

The other tangent through A' and B' can also be drawn on the other side of $O_1 O_2$.

To draw a tangent common to two equal circles internally Fig. (GC 27)

With O_1 and O_2 as centres, draw the given circles of same radii.
Join O_1 and O_2 and bisect O_1 and O_2 at P.
With O_1 P as diameter, draw a semi-circle cutting the cirlce at Q. {$O_1P/2$ as radius}

Join Q and O_1. Draw O_2 R parallel to QO_1 to meet the circle at R.

Draw a line through R and Q which will pass through P. This line is the common tangent drawn internally.
The other tangent that could be drawn will pass through Q' and R'.

To draw a tangent common to two unequal circles

(a) کسی دائرہ پر مماس (Tangent) اتارنے کا طریقہ اگر کوئی نقطہ 'P' دائرہ پر واقع ہو:۔

مرکز 'O' اور 'P' نکات کو مرکز بناتے ہوئے نصف قطر 'OP' سے بڑا لے کر قوس اتاریں جو ایک دوسرے کو نقطہ 'Q' پر قطع کرتی ہوں۔
P اور Q نکات سے گزرتی ہوئی ایک سیدھی لکیر اتاریں جو مقصود مماس ہوگا جو 'OP' لکیر کے نقطہ P پر عمود (Perpendicular) ہوگا۔ Fig. (GC 25)

(b) کسی دائرہ پر مماس (Tangent) اتارنے کا طریقہ اگر کوئی نقطہ 'P' دائرہ کے باہر ہو:۔

ایک نقطہ 'P' دائرہ کے باہر واقع ہے۔ جہاں سے دائرہ پر مماس اتارنا مقصود ہے
نکات 'O' اور 'P' کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ پھر OP کی لمبائی کے قطر سے نصف دائرہ اتاریں۔ جو اتارے گئے دائرہ کو نقطہ 'M' پر قطع کرتا ہو۔ Fig. (GC 24)
'P' اور 'M' نکات سے سیدھی لکیر گزاری جائے جو مقصود مماس ہوگا۔ اگر نصف دائرہ دوسری جانب اتارا جائے تو یہ نقطہ 'M' پر قطع کرے گا۔ اس لحاظ سے سیدھی لکیر ان نکات 'P' اور 'M' سے گزاریں تو بھی مماس بنے گا۔ جو دائرہ پر نقطہ 'P' سے اتارا گیا ہوگا۔

دو مساوی دائروں پر بیرون مماس مشترکہ {Externally common tangent} اتارنے کا طریقہ:۔

نکات 01 اور 02 کو مرکز بنا کر دو دائرے مساوی نصف قطر سے اتاریئے۔ پھر مراکز 01 اور 02 کو سیدھی لکیر سے ملایئے "01 02" مراکز پر دو عمود اتاریئے۔ جو دائرہ کو دو نکات A اور B پر قطع کرتے ہوں۔ اسطرح دائرے کے دوسری جانب 'A' اور 'B' سے عمود اتارے جا سکتے ہیں۔ Fig. (GC 26)

دو مساوی دائروں پر اندرونی مماس مشترک (Internally common tangent)

اتارنے کا طریقہ:۔ مراکز 01 اور 02 سے دو دائرے مساوی نصف قطر سے اتاریئے۔ پھر مراکز 01 اور 02 کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ 01 اور 02 کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کیجیے۔ Fig. (GC 27)
پھر '01A'/2 کے برابر نصف قطر سے نصف دائرہ اتاریں جو دائرے کو نقطہ B پر قطع کرتا ہو۔




Fig. (GC 28)

externally Fig. (GC 28)

R_1 and R_2 are the given radii of the circles. $R_1 > R_2$
With O_1 and O_2 as centres, draw the given cirlces.
Join O_1 and O_2 as centres, draw the given circles
Join O_1 and O_2. With O_1 as centre and radius equal to $R_1 - R_2$, draw a circle. Draw a tangent to this circle from O_2. O_2 P is the tangent thus drawn.
Join O_1 P and produce it to meet the outer circle at Q.
Draw O_2 R parallel to O_1 Q on the same side of O_1 O_2.

Draw a line passing through Q and R to get the required tangent.

The other tangent through Q' and R' can also be drawn on the other side of O_1 and O_2.

To draw a tangent common to two unequal circles internally Fig. (GC 29)

R_1 and R_2 are the given radii of the circles $R_1 > R_2$.




Fig. (GC 29)

Bاور 01 کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔'02R اور 01B کے متوازی اتاریں جو دائرے کو نقطہ 'R' پر قطع کرتا ہو۔ نکات R اور B سے ایک سیدھی لکیر اتاریں جو نقطہ A سے گزرتی ہو۔ یہ اتاری گئی سیدھی لکیر اندرونی مماس مشترک (Internally common tangent) ہوگی۔ دوسرا مماس مشترک (Common tangent) اتاریئے جو نکات 'B اور 'R سے گزرے گا۔

<u>دو مختلف دائروں پر بیرونی مماس مشترک (Externally common tangent) اتارنے کا طریقہ</u>:۔ نصف قطر R1 اور R2 سے دو دائرے اتارئے۔ (یہاں پر نصف قطر R2،R1 نصف قطر سے بڑا ہے)۔ پھر 01 اور 02 کو مراکز بنا کر دائرے اتاریں۔ اور 0_1 اور 0_2 مراکز کو سیدھی لکیر سے ملایئے۔ 0_1 کو مرکز بنا کر نصف قطر (R1-R2) کے مساوی لے کر دائرہ اتاریئے۔ پھر اس دائرے پر مماس (Tangent) مرکز 0_2 سے اتاریں۔ '02A' مقصود مماس (Tangent) ہوگا۔ 0_1P کو سیدھی لکیر سے ملایئے اور اسکو آگے بڑھایئے تاکہ یہ بیرونی دائرے کے نقطے B سے جا ملے۔ Fig. (GC 28)
0_2R سے ایک سیدھی لکیر کھینچیے۔ جو '0_2B' کے متوازی ہو۔ اور یہ نکات $0_1 0_2$ کے ایک ہی جانب ہو۔ پھر ایک سیدھی لکیر اتاریئے۔ جو نقطہ B اور R سے گزرتی ہو۔ جو کہ مقصود




Fig. (GC 30)

With O_1 and O_2 as centres, draw the given circles.
With O_1 as centre and $(R_1 + R_2)$ as radius, draw a circle. Draw a tangent O_2 P to this circle from O_2.
Join P and O_1 and let this line PO_1 cut the cirlcé at R.
Draw a line passing through Q and R. Then, this line is the required common tangent. The other tangent that could be drawn will pass through Q' and R'

To determine the circumference of a given circle
Fig. (GC 30)

With O as centre, draw the given circle.
Draw AB, a diameter of the circle.
Draw tangent PR at P so that AR= 3x AB.
Draw OS making an angle of 30° with OQ.
Draw ST perpendicular to OB.
Draw a line connecting T and R. The length of the line RT gives approximately the circumference of the circle.

مماس (Tangent) ہوگا۔

دوسرا مماس (Tangent) 'B اور 'R مراکز 0_2, اور 0_1 کے دوسری جانب سے اتار سکتے ہیں۔

<u>دومختلف دائروں پر اندرونی مماس مشترک (Internally comon Tangent)</u>

اتارنے کا طریقہ:۔ دو مختلف کے نصف دائروں کے نصف قطر R_1' اور R_2' ہیں جہاں R_2'R_1 سے بڑا نصف قطر ہے۔

نقطہ 0_1 اور 0_2 کو مراکز بنا کر دائرے اتاریئے۔

پھر نقطہ 0_1 کو مرکز اور (R_1+R_2) کو نصف بنا کر دائرہ اتاریں۔اور اس دائرے پر مماس (Tangent) '0_2P' اتاریں جو نقطہ 0_2 سے اتارا گیا ہو۔ Fig. (GC 29)

پھر نقطہ 0_1 اور A کو سیدھی لکیر سے ملائیں تا کہ یہ دائرے کے نقطہ 'B' کو قطع کرتا ہو۔

'0_2R' سیدھی لکیر '0_1B' کے متوازی اور $0_1,0_2$ مراکز کی لکیر کی دوسری جانب اتاریں جو دائرہ کو نقطہ R پر قطع کرتی ہو۔ایک سیدھی لکیر اتاریں جو نقطے 'R' اور 'B' سے گزرتی ہو۔یہ سیدھی لکیر مقصود مماس مشترک (Common tangent) ہوگی۔

دوسرا مماس مشترک نقطے 'B' اور 'R' سے گزرے گا۔

Exercises

1. Divide a line of length 70 mm into 4 equal parts.

2. Draw an arc of radius 50 mm subtending an angle of 100°. Divide the same into 12 equal parts.

3. Draw a perpendicular to a line of length 100 mm at a point 50 mm from the left end.

4. Draw two straight lines at right angles. Draw an arc of radius 30 mm touching the straight lines. Draw the arc if the angles between the straight lines is 30°.

5. Draw pentagon, hexagon, heptagon and octagon of side 40 mm.

6. Construct hexagon whose (i) distance across corners is 60 mm and (ii) distance across flats is 50 mm.

7. Draw a circle of radius 30 mm. Draw a tangent to the circle at any point on it. Also draw a tangent to the circle from a point 60 mm from the centre of the circle.

8. Draw two equal circles of radius 30 mm, the distance between their centres being 100 mm. (i) Draw a tangent common to the two circles externally (ii) Draw a tangent common to the two circles internally.

<u>کسی دائرہ کا محیط معلوم کرنے کا طریقہ</u>:۔ نقطہ 'O' کو مراکز بنا کر دائرہ اتاریں۔ 'AB' سیدھی لکیر اتاریں جو دائرہ کا قطر ہو۔ پھر مماس (Tangent) 'AR' نقطہ A پر اسطرح اتاریں کہ AR=3AB ہو جائے پھر 'OS' ایک سیدھی لکیر اسطرح اتاریں کہ لکیر 'OB' سے 30° کا زراویہ بناتی ہو۔

عمود (Perpendicular) "ST" لکیر 'OB' پر اتاریں۔ ایک سیدھی لکیر سے نقطے T اور R کو ملائیں۔ سیدھی لکیر "RT" کی لمبائی دائرے کے محیط کے تقریباً مساوی ہوگی۔

مشق

(1)۔ ایک سیدھی لکیر جسکی لمبائی 70 ملی میٹر ہے۔ چار (4) مساوی حصّوں میں تقسیم کیجئے۔
(2)۔ ایک قوس تاریں جسکا نصف قطر 50 ملی میٹر اور زاویہ 100° درجے ہو۔
(3)۔ ایک سیدھی لکیر جسکی لمبائی 100 ملی میٹر ہے' اسکے بائیں سرے سے 50 ملی میٹر کے فاصلے پر عمود اتاریئے۔
(4)۔ دو سیدھی لکیریں اسطرح اتاریں کے انکے درمیان کا زاویہ (90°) درجے کا ہو اور اس سے 30 ملی میٹر نصف قطر کی قوس اتاریں جو ان سیدھی لکیروں کو چھوتی ہو۔ (صفحہ کا اختتام)
(5)۔ پنٹا گن:۔ ہیگزا گان (مسدس)' ہیپٹا گان (مسبع) اور اوکٹا گان (مثمن) اتاریں۔ جنکا ایک ایک ضلع 40 ملی میٹر لمبائی کا ہے۔
(6)۔ ایک مسدس مساوی الاضلاع (ہیگزا گن) اتاریں (i) جسکے دو مقابل راسوں کا فاصلہ 60 ملی میٹر ہے۔ (ii) اور جنکے ضلعوں کی لمبائی 50 ملی میٹر ہے۔
(7)۔ ایک 30 ملی میٹر نصف قطر سے دائرہ اتاریں اسکے کسی نکتے پر (Tangent) اتاریں اور دائرہ کے مرکز سے 60 ملی میٹر کے فاصلے پر پائے جانے والے نکتہ سے (Tangent) اتاریں۔

To draw an internal tangent to two given circles.

Example: Draw an internal tangent between two circles 120mm apart. One circle with centre X is 70mm diameter, the other circle with centre Y is 30mm diameter.

Join the centres of the two circles X and Y and bisect this line to give point Z. Describe a semicirlce using radius ZX. Position point C so that EC is equal to the radius of the smaller circle and draw an arc with XC as the radius to intersect the semicircle at point D. Join XD and mark point A where this line crosses the circumference of the larger circle.

From point D draw line DY and from A draw another line parallel to it, to touch the smaller circle at point B. Line AB is the required tangent. Lines XA and BY are the two normals to the tangent.

Fig. (GC 31) Note: Another tangent could be drawn in the position shown by the dotted line.

To draw an internal radius to touch two given circles

Example: Draw a radius of 80mm to touch the given circles. From centre A draw a radius of R_1+80, i.e. 20 + 80 = 100mm, to intersect at point C with an arc of $R_2 + 80$, i.e. 30 + 80 =110 mm, and drawn from centre B. Draw a line from C to A which crosses the circumference of the smaller circle at D. Also, draw a line from C to B which crosses the circumference of the larger circle at E.D and E are the points of tangency. From centre C and with a radius of 80mm insert the arc between points D and E. **Fig. (GC 32)**

(8)۔30 ملی میٹر نصف قطر کے دو دائرے تاریں۔انکے مراکز کے درمیان کا فاصلہ 100 ملی میٹر ہے۔(i)ان دائروں پر بیرونی مماس (External tangent)اتاریں۔

(ii)ان دائروں پر اندرونی مماس (Internal tangent)اتاریں۔یہ مماس (Tangents)ان دونوں دائروں کیلئے مشترک (Common)ہونے چاہیے۔

<u>دو دیئے گئے دائروں پر اندرونی مماس (Internal tangent)اتارنے کا طریقہ:۔</u>

مثال:۔دو دائرے جو اپنے مراکز سے 120 ملی میٹر فاصلے پر ہیں۔ان کیلئے (Internal tangent) اتاریں۔ایک دائرہ جسکا مرکز "X" ہے اور اسکا قطر 70 ملی میٹر ہے۔دوسرا دائرہ جسکا مرکز "Y" اور قطر 30 ملی میٹر ہے۔

دو دائروں کے مراکز 'X' اور 'Y' کو ایک سیدھی لکیر سے ملائیں۔اور اس لکیر کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کریں۔اس منقسم نکتہ کا نام 'Z' رکھیں۔'ZX' کے مساوی نصف قطر سے نصف دائرہ اتاریں۔

ایک نکتہ 'C' اسطرح کے "EC" کی لمبائی چھوٹے دائرے کے نصف قطر کے مساوی ہو۔پھر نصف قطر "XC" کے لیں برابر ایک قوس اتاریں جو نصف دائرے کو نکتہ D پر قطع کرتی ہو۔نکات 'X' اور 'D' کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ایک نکتہ 'A' لکیر "XD" پر اسطرح لیں کہ یہ سیدھی لکیر 'DY' اتاریں اور نکتہ A سے دوسری سیدھی لکیر اسکے متوازی ہو۔جو چھوٹے دائرے کو نکتہ B پر چھوتی ہو۔سیدھی لکیر (AB) مقصود Tangent ہوگا۔سیدھی لکیر "XA" اور "BY" دو (Normal tangent) مماس پر ہونگے۔اسطرح دوسرا tangent)اتارا جا سکتا ہے۔جسے (-----) ڈاش سے بتایا گیا ہے۔(صفحہ کا اختتام)

To draw an external radius to touch two given circles.

Example: A radius of 120 mm is **requried** to touch the two given circles.
From centre A draw a radius of length 120 - R_1 i.e. 120 -20 =100 mm to intersecrt at point C with a radius of 120 - R_2, i.e 120 - 35 = 85 mm and drawn from centre B. Draw a line from C through B to touch the circumference of the larger circle at E.D and E are the points of tangency. From centre C and with radius of 120 mm insert the arc between D and E. **Fig. (GC 33)**

To draw a curve in a given acute angle

Example: Draw a 50 mm radius in an acute angle ABC of 45°. Draw the given angle ABC of 45° and construct two parallel lines using 50 mm radius arcs to intersect at point O. From point O drop perpendiculars to give points E and F. Note that the 50 mm radius arc is now drawn between points E and F.

Fig. (**GC** 34) E and F are tangency points

To draw a curve in a given obtuse angle
Example: Draw a 50 mm radius in an obtuse angle ABC of

<u>اندرونی طور سے اتارنے کیلئے نصف قطر سے دو دیئے گئے دائروں کو چھونے' کا طریقہ:۔</u>

مثال:۔80 ملی میٹر کا نصف قطر اتاریں جو دیئے گئے دائروں کے مراکز کو ملاتا ہو۔ مرکز A سے نصف قطر (R_1+80) یعنی (80+20 =100) ملی میٹر کی ایک قوس اتاریں۔ اسطرح اور ایک قوس مرکز B سے نصف قطر (R_2+80) یعنی (80+30=110) ملی میٹر سے اتاریں۔ یہ دو قوسیں آپس میں ایک دوسرے کو نکتہ C پر قطع کرتی ہیں۔ پھر سے A تک لکیر کھینچئے جو دائرے کے محیط کو نکتہ D پر قطع کرتی ہو۔ اسطرح C سے B اور ایک سیدھی لکیر اتاریں جو دوسرے دائرے کے محیط کو نکتہ E پر قطع کرتی ہو۔ نکات D اور E (Tangency) کے نکات ہونگے۔ نکتہ C کو مرکز بنا کر اور نصف قطر 80 ملی میٹر سے نکات D اور E کے درمیان قوس اتاریں۔

<u>بیرون طور سے اتارنے کیلئے نصف قطر سے دو دیئے گئے دائروں کو چھونے کا طقریقہ:۔</u>

مثال:۔ (دو دیئے گئے دائروں کو چھونے' کیلئے 120 ملی میٹر لمبا نصف قطر درکار ہے۔ مرکز 'A' سے اور نصف قطر (120-R_1) یعنی (120-20=100 ملی میٹر) سے ایک قوس اتاریں۔ دوسری قوس مرکز 'B' اور نصف قطر (120-R_2) یعنی (120-35=85 ملی میٹر) سے اتاریں۔ یہ دو قوسیں ایک دوسرے کو نقطہ C پر قطع کریں گی۔ نکات C اور A کو ملانے کیلئے سیدھی لکیر اتاریں جو چھوٹے دائرے کے محیط کو نکتہ 'D' پر چھوتی ہو۔ اور C سے E کو سیدھی لکیر سے ملائیں جو بڑے دائرے کے محیط پر نکتہ 'E' پر چھوتی ہو۔ اسطرح نکات 'D' اور 'E' مماس (Tangency) کے نکات ہونگے۔ نکتہ 'C' کو مرکز بنا کر اور نصف قطر 120 ملی میٹر لیکر نکات




Fig. (GC 31)




Fig. (GC 32)




Fig. (GC 33)





Fig. (GC 34)

120^o.

Draw the given angle ABC of 120^o using a 60^o setsquare and construct two parallel lines using 50 mm radius arcs to intersect at point O. Draw perpendiculars from O to AB and to BC to give points D and E.
Note: The 50mm radius arc from centre O is drawn only between the points D and E.

Fig. (GC 35)D and E are tangency points.

Fig. (GC 35)



'E'اور'D' کے درمیان قوس اتاریں۔

کسی دیئے گئے زاویہ حادّہ (Acute angle) میں قوس اتارنے کا طریقہ:۔

مثال:۔ 50 ملی میٹر نصف قطر سے زاویہ حادّہ 45^o کا اتاریں

زاویہ حادّہ (45^o) درجے کا اتاریں۔ جو AB اور BC کے متوازی ہوں۔ اور جو نکتہ 'O' پر قطع کرتی ہوں۔ نکتہ 'O' سے AB اور BC پر نکات E اور F پر عمود اتاریں۔ نکتہ 'O' سے قوس اتاریں جو نکتہ E اور F سے گزرے گی۔ E اور F مماس کے نکات (Tangency points) ہونگے۔

کسی دیئے گئے زاویہ منفرجہ (Obtuse angle) میں قوس اتارنے کا طریقہ:۔

مثال:۔ 50 ملی میٹر نصف قطر سے زاویہ منفرجہ (ABC) 120^o درجے اتاریں۔

(120^o) درجے کا زاویہ منفرجہ پروٹراکٹر یا (Set square) سے اتاریں۔ اور نصف قطر 50 ملی میٹر لیکر دو قوسیں ایک ایک نصف قطر کی سمت اتاریں۔ ان قوسوں پر سے سیدھی لکیریں کھینچیں جو نکتہ 'O' پر قطع کرتی ہوں۔ پھر نکتہ O سے عمود 'AB' اور 'BC' لکیروں پر اتاریں۔ جو نکات D اور E ہونگے۔ ان E اور D نکات سے گزرتی ہوئی ایک قوس اتاریں۔ جسکا مرکز 'O' ہو۔ یہ مقصود قوس ہوگی۔

CONIC SECTIONS

Engineering works like construction of arches and bridges, fabrication of light and sound reflectors, manfacture of glands and stuffing boxes, drawing of graphs and machine tool building require the wide use of ellipse, parabola and hyperbola. Hence, a knowledge of the methods of constructing these curves is essential for any technician or engineer so that he can execute or supervise the works with ease and elegance. The geometrical properties, different methods of construction and the practical applications of ellipse, parabola and hyperbola are discussed in this chapter.

Definitions

Conic sections are the curves obtained by the intersection of a right circular cone by a plane at different angles.

When the cutting plane is perpendicular to the axis of the cone but does not pass through the apex, the cure obtained is a circle

Note: The tip of cone is called its apex and the imaginary line joining the centre of the base of the cone and the apex is termed the axis of the cone. A generator or an element is an assumed line passing through the apex and any point on the boundary of the base of the cone.

When the plane is inclined to the axis and is not parallel to a generator and cuts all the generators, the section obtained is an ellipse.

When a cone is cut by a plane which is inclined to tl axis and is parallel to a generator,we have a parabola Fig (CS37)When




Fig. (GC 36)

CONIC SECTION کونک سیکشن

کئی طرح کے انجینئرنگ کے کام جیسے کمانیں، پُل، عمارت یا روشنی اور آواز کے کام میں، بکس بنانا، ڈرائنگ کا گراف اور مشین کے پرزے وغیرہ میں بیضوی شکل (ایلپس؛ Ellipse) (پیرابولا، شلجمی شکل؛ Parabola) اور (ہیپر بولا، ہذلولی شکل Hyperbola) کا استعمال ہوتا ہے یہ کونک سیکشن کہلاتے ہیں۔

انجینئرنگ کے کام کرنے والوں کو جاننا ضروری ہے۔ ان قوسیں کے متعلق جامیٹریکل خصوصیات مختلف طرح سے بنانے کے طریقے اور انکے استعمال کے بارے میں اس سبق میں بتایا جائے گا

تعریف:۔ کونک سیکشنس دراصل قوسیں ہیں۔ جو مخروط کی شکل کی شئے کو مختلف زاویوں سے کاٹنے سے ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ قوسیں پیرابولا، ہیپر بولا، اور ایلپس کہلاتی ہیں۔

مخروط کی نوک کو (Apex) کہا جاتا ہے اور نوک سے نیچے کے دائروی حصے کے مرکز کو ملانے والی خیالی لکیر کو (محور Axis) کہا جاتا ہے۔ کوئی لکیر جو مخروط کی نوک سے اور نیچے کے دائروی حصے کو کاٹتی ہو اور (Generator) کے متوازی نہ ہو۔ اور یہ سطح مخروط کو اگر کاٹتی ہو تو ظاہر ہونے والی شکل (ایلپس، Ellipse) کہلائے گی۔

اگر مخروط کو کسی سطح سے کاٹا جائے۔ یہ سطح (Axis) سے زاویہ بنا رہی ہو اور (




Fig. (GC 37)

the section plane passes through the apex and is perpendicular to the base of the cone, a triangle is obtained.

A conic may be defined as a plane curve which is the focus of a point moving in such a way that the ratio of its distance from a fixed straight line is always a constant.

The fixed point is known as the focus and the fixed straight line the directrix. The above mentioned ratio of distances is said to be the eccentricity.

$$\text{Eccentricity} = \frac{\text{Distance from the focus}}{\text{Distance from the directrix}}$$

Eccentricity is always less than 1 for ellipse, equal to 1 for parabola and greater than 1 for hyperbola. In Fig. (GC 36) the eccentricity for ellipse = PF/PL < 1, eccentricity for parabola = QF/QM = 1 and that for hyperbola = RF/RN > 1.

The axis of the conic section is the line passing through the focus and perpendicular to the directrix. The point of

(Generator) کے متوازی ہوتو ہمیں پیرابولا (Parabola) حاصل ہوگا۔ جسکا خاکہ بتایا جارہا ہے۔

اور جب کوئی سطح مخروط کی نوک سے اور نیچے دائروی حصے پر عموداً کاٹی جائیگی تو ہمیں مثلیت (Triangle) حاصل ہوگا۔ (صفحہ کا اختتام)

اسطرح کونک سیکشن کی یہ تعریف ہوگی کے یہ ایک قوس ہوتی ہے جسکا نقطہ (ماسکہ Focus) اسطرح حرکت کرے گا کہ اس کا فاصلہ کسی سیدھی لکیر سے ہمیشہ مستقل (Constant) ہوگا۔

مستقل نقطہ (Fixed point)، نقطہ (ماسکہ Focus) کہلائے گا۔ اور مستقل سیدھی لکیر (Directrix) کہلائے گی۔

نقطہ ماسکہ سے فاصلے اور (Directrix) سے فاصلہ کے تناسب کو (Eccentricity) کہا جائے گا۔

ایسنٹری سٹی = نقطے ماسکہ سے فاصلہ Distance from Focus
―――――――――――――
Distance from Focus فاصلہ سے Directrix

ایسنٹری سٹی، ایلپس (Ellipse) کیلئے ایک سے کم ہوگی۔ پیرابولا کیلئے ایک کے مساوی ہوگی ہیپر بولا (Hyperbola) کیلئے ایک سے زیادہ ہوگی۔

intersection of the curve with the axis is known as the vertex.

Ellipse

Locus Definition

An ellipse is defined as a plane curve which is the locus of a point moving in such away that the sum of its distances from two fixed points in the plane is always a constant.

Properties of ellipse

(1) The two fixed points are called the foci. InFig. (GC 38) F_1 and F_2 are the foci. F_1 and F_2 are equidistant from the centre O.

(2) The long diameter passing through the foci and terminated by the curve is called the major axis (AB in the figure).

(3) The perpendicular bisector of the major axis terminated by the curve is known as the minor axis (CD in the figure).

(4) The distances of a point on the curve from the foci are called focal radii (R_1 and R_2 in the figure).

(5) By definition, $PF_1 + PF_2 = AF_1 + AF_2 = CF_1 + CF_2$

$$OA = OB \text{ and } OF1 = OF2$$

$$\text{therefore } AF_1 + AF_2 = AF_2 + BF_2 = AB$$

Hence, the sum of the distances of any point on the ellipse from the foci is equal to the major axis.

$CF_1 + CF_2 = AB$ But $CF_1 = CF_2$

therefore $CF_1 = CF2 = \dfrac{\text{Major axis}}{2}$

کونک سیکشن کا محور (Axis) ایک خیالی لکیر ہوتی ہے جو نقطہ ماسکہ (Focus) سے گزرتی ہے اور ڈائیریکٹیرکس (Directrix) پر عموداً واقع ہوتی ہے۔ محور کی خیالی لکیر اور قوس کا نقطہ قطع (Vertex) "راس" کیلاتا ہے۔

ایلپس (بیضوی شکل;Ellipse):۔ اسکی تعریف یہ ہیکہ ایک مسطح قوس جسکا نقطہ ماسکہ (Focus) اسطرح حرکت کریگا کے دو مستقل نکات سے فاصلے کا مجموعہ کسی سطح میں ہمیشہ مستقل رہے گا۔

ایلپس (Ellipse) کے خصوصیات:۔

(1)۔ دو مستقل نکات کو (foci) نکتے ماسکے کہا جاتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے خاکے میں F_1 اور F_2 خوسائی (نکتے ماسکے) ہیں۔ اور F_1 اور F_2 مرکز 'O' سے مساوی فاصلے پر واقع ہیں۔

(صفحہ کا اختتام)

(2)۔ بڑا قطر جو ماسکے کے نکات (فوسائی Foci) سے گزرتا ہے اور قوس کے حدود پر ختم ہوتا ہے۔ میجر ایکسس (Major axis) بڑا محورا کہلاتا ہے۔ ذیل کے خاکے میں "AB" سے بتایا گیا ہے۔

(3)۔ بڑے محور (Major axis) کو عمودی لکیر (Perpendicular Bisector) دو مساوی فاصلوں میں تقسیم کرتی ہے۔ اور یہ چھوٹا محور (Minor axis) کہلائے گی ذیل کے خاکے میں "CD" سے بتایا گیا ہے۔

(4)۔ قوس کے کسی نقطہ سے نکتے ماسکے (Foci) کے فاصلے کو محوری قطر (فوکل ریڈیائی Focal Radii) کہا جائیگا۔ ذیل کے خاکے میں R_1 اور R_2 سے بتایا جا رہا ہے۔

(5)۔ ذیل میں دیئے گئے خاکے سے اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ $PF_1+PF_2=AF_1+AF_2=CF_1+CF_2$

اسلئے $AF_1+AF_2=AF_2+BF_2=AB$ چونکہ $OA=OB$ اور $OF_1=OF_2$ اسطرح

Hence, distance from an end of the minor axis to any of the foci is equal to half the major axis.

The foci can therefore be located by drawing an arc with an end of the minor axis as centre and one-half of the major axis as radius to cut the major axis at the foci.

Practical applications of ellipse

Arches, bridges monuments and dams are constructed in the shape of semi-ellipse, some utensils and container bottoms are elliptic in shape. Ship ventilators are elliptic to round. Elliptic curves are used in the manfacture of glands, man-holes stuffing boxes, etc. Elliptic curve is encountered frequently in orthographic drawing when holes and circular forms are viewed obliquely.

Example: Draw an ellipse given the following

(i) Distance of the focus from the directrix = 70 mm (ii) Eccentricity = 3/4

Draw a line CD as the directrix Fig. (GC 39)
Draw the axis perpendicular to the directrix through any point E on it .
Fix the focus F on the axis so that EF = 70 mm.
Divide EF into 7 equal parts and locate the vertex V on the fourth division from E. Now

$$\frac{VF}{VE} = \frac{3}{4}$$

Draw a perpendicular VG at V such that VG = VF, join E and

قوس کے کسی نکتہ سے، نکتے ماسکوں کا فاصلہ بڑے قطر (Major axis) کے مساوی ہوگا۔
نقطہ ماسکے (Foci) کو پانے کیلئے چھوٹے محور (Minor Axis) کے ایک سرے کو مرکز بنا کر اور بڑے محور (Major axis) کے دیڑھ حصّے کے مساوی نصف قطر سے برے محور کو قطع کیا جائے جس سے ماسکے کے نکات F_1 اور F_2 (قوسائی Foci) حاصل ہونگے۔

بیضوی شکل (Ellipse) کا استعمال

کمانوں، پُل اور پانی کیلئے بنائے گئے بندھ (Dam) وغیرہ نصف بیضوی شکل میں بنائے جاتے ہیں۔ بعض برتن اور برتنوں کے نچلے حصّے بھی بیضوی شکل میں بنائے جاتے ہیں اور پانی کے جہاز کے روشن دان بیضوی میں بنائے جاتے ہیں۔ مین ہول غذا کے ڈبے بیضوی شکل میں بنائے جاتے ہیں۔ آرتھوگرافک ڈرائنگ میں جب کسی دائرے کو زاویئے حادہ سے دیکھا جائے تو یہ بیضوی شکل میں دکھائی دے گا۔ (صفحہ کا اختتام)

ذیل میں دیئے گئے تفصیلات سے (ایلپس Ellipse) اتاریئے۔

نقطہ ماسکہ سے ڈائریکٹرکس کا فاصلہ =70 ملی میٹر
ایسنٹری سٹی =3/4
ایک سیدھی لکیر اتاریں اور اسکا کا نام CD رکھیں۔ ڈائریکٹریکس ہوگی
ڈائیرکٹیرکس پر عمود اتاریں جو کسی نقطہ E سے گزرتا ہو۔
محور (Axis) پر نقطہ ماسکہ (Foci) اسطرح لیں کہ EF=70 ملی میٹر ہونا چاہیے۔
سیدھی لکیر EF کو '7' مساوی حصّوں میں تقسیم کریں اور راس (Vertex) 'V' نقطہ E سے چوتھے منقسم نقطہ پر لیں۔

اسطرح

$$\frac{VF}{VE} = \frac{3}{4}$$

نقطہ V پر عمود VG اسطرح اتاریں کہ VG=VF ہونا چاہیے واز E اور نقطہ G کو سیدھی لکیر

G.

In the triangle VEG, $\frac{VG}{VE} = \frac{VF}{VE} = \frac{3}{4}$

Mark an arbitrary point 1 on the axis and draw a perpendicular through 1 to meet EG produced at 1'.
With F as centre and the length 1-1' as radius, draw arcs to cut the perpendicular through 1 at points a1 and a1.'
The distance of point a1 from the directrix = distance E1.

Now. $\frac{Fa_1}{E_1} = \frac{1\text{-}1'}{E_1} = \frac{VG}{VE} = \frac{3}{4}$

Hence, a_1 is a point on the ellipse. So also a1'.

In the same way, mark points 2,3,4, etc. on the axis and repeat the same construction to obtain points a_2' a_3 and a_3'. etc.

Draw a smooth curve through these points to get the required ellipse which is a closed curve.
while drawing any curve, light freehand curve is drawn first through the known points. Neat black curve is drawn finally with the aid of suitable french curve.

Note: An ellipse has two foci and two directrices. CD and C_1 D_1 are the two directrices **Fig. (GC 39)**

To draw a tangent and a normal to an ellipse at any point P on it.

Method:-

Draw lines joining the given point P with the foci F_1 and F_2. Draw a line PN bisecting $\angle F_1 PF_2$. This line PN is the normal to the ellipse.
through P, draw a line PT perpendicular to PN. The line PT is the tangent to the ellipse at P.

سے ملائیں۔ مثلث VEG میں $\frac{VG}{VE} \frac{VF}{VE} = \frac{3}{4}$

محور (Axis) پر کوئی نکتہ "(1)" لیں اور اس نقطے سے عمود گزاریں جو EG کے نکتے پر جا ملے۔
پھر نکتہ F کو مرکز بنا کر اور نصف قطر (1-1') کے مساوی لے کر ایک قوس اتاریں جو عمود کے نکتہ
(1) سے گزرتی ہو جسکے نکات (a_1) اور (a_1') ہو۔

اسطرح $\frac{Fa}{E_1} = \frac{1\text{-}1}{E_1} = \frac{VG}{VE} = \frac{3}{4}$

نقطے (a_1) اور (a_1') ایلپس (Ellipse) کے محیط پر واقع ہے۔ اسطرح سے نکات
4'3'2 (محور Axis) پر بنائیں۔ اور اوپر دیئے گئے طریقہ کو استعمال کرتے ہوئے نکات
(a_2), (a_2), (a_3), ($a3_1$) وغیرہ بنائیں
پھر ان نکات سے ایک قوس اتاریں جو کہ مقصود ایلپس (Ellipse) ہوگی۔
نوٹ:۔ ایلپس، (Ellipse) کے دو محور (فوسائی ;Foci) اور دو ڈائیر کٹر کس (Directrix)
ہوتے ہیں۔ Fig. (GC 39)

ایلپس (Ellipse) کے کسی نکتہ 'P' پر مماس (Tangent) اور نارمل (Normal) اتارنے
کا طریقہ:۔ نقطہ P سے محوروں (فوسائی ;Foci) F_1 اور F_2 کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ زاویہ
F_1PF_2 کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرنے ایک سیدھی لکیر PN اتاریں۔ یہ سیدھی لکیر
PN ایلپس (Ellipse) کیلئے نارمل (Normal) ہوگی۔
نکتہ P سے ایک اور سیدھی لکیر (PT) اتاریں جو نارمل 'PN' پر عمود ہو۔ سیدھی لکیر نقطہ P پر
PT مماس (Tangent) ہوگی۔
دوسرا طریقہ:۔ نکات P اور F کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ نکتہ F سے عمود PF اتاریں جو سیدھی
لکیر CD پر نکتہ M پر ملتا ہو اور نکات P اور M سے ایک سیدھی لکیر گزاریں۔ یہ سیدھی لکیر
مقصود مماس (Tangent) ہوگی۔ نکتہ P سے ایک سیدھی لکیر PN اتاریں جو سیدھی لکیر
PM پر عمود ہو۔ یہ سیدھی لکیر PN، نارمل اور یہ ایلپس (Ellipse) کے نکتہ پر ہوگا۔

Method (ii) Fig. (GC 39)

Draw a line joining P and F. From F, draw a perpendicular to PF meeting CD at M. Draw a line through P and M. This line is the required tangent. Through P, draw a line PN perpendicular to PM. This line PN is the normal to the ellipse at P.

To draw an ellipse, given the major and minor axes

Example: Draw an ellipse of major axis 100 mm and minor axis 60 mm.




Fig. (GC 39)

<u>دیے گئے بڑے محور اور چھوٹے محور (Major & Minor Axis) سے ایلپس</u>
<u>(Ellipse) اتارنے کا طریقہ:-</u>

مثال:- ایک ایلپس (Ellipse) اتاریئے۔ جس کا بڑا محور (Major axis) 100 ملی میٹر ہے اور چھوٹا محور (Minor axis) 60 ملی میٹر ہے۔




Fig. (GC 40)




Fig. (GC 38)

Locus method Fig. (GC 40)

Draw a line AB of length equal to the given major axis (100 mm) and a line CD equal to minor axis (60 mm) bisecting each other at O.
With C as centre and AO as radius, draw arcs intersecting AB at F_1 and F_2. F_1 and F_2 are the foci of the ellipse.

With F_1 and F_2 as centres and with any radius R_1 less than F_1 B, draw arcs on both sides of AB. With the same centres and a radius R_2 equal to AB minus R_1 draw arcs intersecting the already drawn arcs at points marked 1'. These points 1' are points on the required ellipse. Obtain more points on the ellipse by using similar pairs of radii with centres F_1 and F_2. It is to be noted that in each case, the sum of the two radii must be equal to the major axis.
Draw the ellipse through the points thus obtained.

Note: Locus method and arcs of circles method are the same.

لوکس کا طریقہ (Locus Method)

دو سیدھی لکیریں AB اور CD، 100 ملی میٹر اور 60 ملی میٹر لمبائی کے اسطرح اتاریں کہ یہ نکتہ O پر ایک دوسرے کو دو مساوی حصّوں میں تقسیم کرتے ہوں۔ Fig. (GC 40)
'C' کو مرکز بنا کر اور نصف قطر 'AO' کے مساوی لے کر ایک قوس اتاریں جو سیدھی لکیر AB کو نکات F_1 اور F_2 پر قطع کرتی ہو۔ F_1 اور F_2 ایلپس کے محور (فوسائی Foci;) ہونگے۔

پھر نکات F_1 اور F_2 کو مرکز بنا کر اور نصف قطر (R_1) (کسی لمبائی کے برابر) اور (F_1B) لمبائی سے چھوٹا لیکر لکیر AB کے دونوں کیجانب قوسیں اتاریں۔ اسی نکات F_1 اور F_2 کو مرکز بنا کر اور نصف قطر (R2) جو (AB-R1) کے مساوی ہو قوسیں اتاریں جو پہلے سے اتاری گئیں قوسوں کو (1) اور ('1) نکات پر قطع کرتی ہوں۔ (1) اور ('1) نکات مقصود ایلپس (Ellipse) پر واقع ہونگے۔ اسطرح زیادہ سے زیادہ نکات اس طریقے سے حاصل کریں۔ اور مقصود (ایلپس Ellipse) اتاریں۔ یہ نوٹ کرنا ہوگا کہ دو نصف قطروں (R_2) اور (R_1) کا مجموعہ، ایلپس (Ellipse) کے (بڑے محور Major Axis) کے مساوی ہوگا۔

Concentric circles method (Auxilliary Circle Method)

Example : Draw AB (100 mm) and CD (60 mm) the major and minor axes cutting each other at O With O as centre, draw two concentric circles of diameters 100 mm and 60 mm as shown in **Fig. (GC 41)**
Draw radial lines OE' E, OF' F, etc. at convenient angular intervals of say 30^{o}. From points E, F, etc. on the major axis circle, draw lines perpendicular to the major axis AB. From points E' , F' ,etc. on the minor axis circle, draw lines parallel to the major axis. The intersection of perpendicular and parallel lines from points on the same radial line will fix a point on the required ellipse. For example, the meeting point 1 of the perpendicular line through E and the horizontal line through E' is a point on the required ellipse. Thus, 1, 2, C, 3, 4, B, 5, etc. are points on the ellipse. Draw a graceful curve through these points to define the ellipse. This method is more accurate than the others.

Example: Draw an ellipse given the major axis 120mm and the minor axis 80 mm.

Solution: Draw two circles about centre O of 120 mm and 80 mm diameter. Divide the circles into a convenient number of parts and draw radial lines through the centre. One such radial line is shown in Fig. (GC 41) which intersects the two circles in two postitions A_1 A_2 and B_1 B_2.

From points A_1 and A_2 draw vertical lines to intersect with horizontal lines from points B_1 and B_2 to give points C_1 and C_2, which lie on the ellipse. Repeat this procedure to give the completed ellipse shown inFig

(Cocentric Circle Method) ایک مرکز کے دومختلف دائروں سے ایلپس اتارنے

کاطریقہ:۔ Fig. (GC 41)

مثال:۔ایک سیدھی لکیر 100 ملی میٹر اتاریں اوراسکا نام AB رکھیں دوسری سیدھی لکیر CD 60 ملی میٹرکی اسطرح اتاریں کے یہ لکیر AB کودومساوی حصّوں میں تقسیم کرتی ہو۔ اس نقطہ کا نام "O" رکھیں۔

مرکز 'O' سے سیدھی لکیریں OE'E اور OF'F اتاریں جنکے درمیان کا زاویہ 30^{0} درجے کا لے سکتے ہیں۔نکات EF سے بڑے محور AB (Major Axis)' عمود پر اتاریں جو نکات '2' پر دوسرے افقی (Horizontal) متوازی لکیروں سے قطع کرتے ہوں۔عموداورمتوازی افقی (Horizontal) لکیروں کا نقطہ قطع ایلپس (Ellipse) اتارنے کیلئے مقصودنکات ہونگے۔مثال کے طور سے نقطہ قطع (1) عمود (E') سے اتاری گئی ہے۔ان دو لکیروں کا نقطہ قطع مقصود (ایلپس Ellipse) اتارنے کیلئے مقصود نکتہ ہوگا۔ اسطرح 1'2'C'3'4'B'5 وغیرہ نکات (ایلپس Ellipse) کے محیط پرواقع ہونگے۔ان نکات سے گزرتی ہوقوس اتاریں جومکمل ہونے پر (ایلپس Ellipse) کی شکل اختیار کرے گی۔(ایلپس Ellipse) اتارنے کایہ طریقہ دوسرے طریقوں سے بہتر ہے۔

مثال:۔(ایلپس Ellipse) اتاریں جسکا بڑا محور (Major Axis) 120 ملی میٹراور چھوٹا محور (Minor Axis) 80 ملی میٹر کا ہو۔

ایک ہی مرکز پر دو دائرے 80 ملی میٹر اور 120 ملی میٹر کے قطر سے بنائیں۔ان دائروں کو مناسب حصّوں میں تقسیم کرنے کیلئے مرکز سے محیط کیجانب لکریں اتاریں جو دودائروں کومختلف نکات سے A_1A_2 اور B1B2 پر قطع کرتی ہوں۔(خاکے میں یہ نکات بتائے گئے ہیں)
نکات A_1 اور A_2 سے کھڑی لکیریں یعنی عمود اتاریں جو (افقی لکیریں Horizontal Lines) B_1 اور B_2 کونکات C_1 اور C_2 پر قطع کرتی ہوں۔اسطرح کے نکات لے کر (ایلپس Ellipse) کا خاکہ اتاریئے۔

Oblong method

Draw AB (100 mm) and CD (60 mm) the major and minor axis, intersecting at O.

Draw lines through the ends of each axis parallel to the other axis to form a parallelogram EFGH **Fig. (GC 42)**

Divide AO and AE into the same number of equal parts. Number the division points from A as shown in the figure.
Join C with 1', 2' and 3'. Draw lines from D passing through 1,2 and 3 and cutting C_1', C_2' and C_3' at points 1". 2" and 3" respectively. Draw a smooth curve through A, 1". 2", 3" and C to get one quarter of the required ellipse. Use the same construction in the other quadrants also and obtain the remaining portions of the curve.

The method adopted is sometimes called rectangle method. An ellipse can be inscribed within a parallelogram by using the above method.
Example: Inscribe an ellipse within a parallelogram of sides 110 mm and 70 mm; the acute angle included by the sides being 70°.

Draw the parallelogram of sides 110 mm and 70 mm as shown in **Fig. (GC 43)** Mark A, B, C, and D, the mid-points of the sides. Draw lines AB and CD cutting each other at O. The rest of the procedure remains the same as for oblong method. This method is known as parallelogram method.

مستطیل کے طریقے سے ایلپس اتارنے کا طریقہ (Oblong Method):۔

مثال:۔ بڑا محور (Major Axis) 100 ملی میٹر اور چھوٹا محور (Minor Axis) 60 ملی میٹر کا اتاریں جو ایک دوسرے نقطہ 'O' پر مساوی حصّوں میں تقسیم کرتے ہوں۔
بڑے اور چھوٹے محوروں کے سروں سے متوازی لکیریں اتاریں جس سے مستطیل (EFGH) کی شکل بنے گی۔ لکیریں AO اور AE مساوی حصّوں میں تقسیم کریں۔ پھر ان منقسم حصّوں کے نام A سے لکھنا شروع کریں۔ جیسا خاکے میں بتایا گیا ہے۔ نکتہ C سے (1'),(2') اور (3') نکات وملائیں۔ نکتہ D سے 1'2' نکات سے گزرتی ہوئی لکیریں کھینچیں جو نکات C1',C2',C3' اور 1'',2'',3'' کو قطع کرتی ہوں۔ Fig. (GC 42)
نکات A,1'',2'',3'' اور c' سے گزرتی ہوئی قوس اتاریں جو (ایلپس Ellipse) شکل کا ایک چوتھائی (1/4) حصّہ ہے۔ اسطرح اتارنے کا طریقہ استعمال کرتے ہوئے دوسرے حصّوں سے قوس اتاریں۔ جو بالآخر (ایلپس Ellipse) بیضوی شکل اختیار کرے گی۔

110 ملی میٹر اور 70 ملی میٹر پر مبنی (Parallelogram) اتاریں۔ جو خاکے میں بتایا گیا ہے۔ ان ضلعوں کو مساوی حصّوں میں تقسیم کریں۔ اور ان منقسم کرنے والے نکات کے نام A'B'C'D' رکھیں۔ پھر سیدھی لکیر AB اور CD اتاریں جو لکیر دوسرے نکتہ 'O' پر قطع کرتی ہوں۔ باقی کا طریقہ مستطیل کے طریقہ (Oblong Method) کی طرح ہے۔ یہ طریقہ کا نام (Parallelogram method) کہلاتا ہے۔ Fig. (GC 43)




Fig. (GC 41)




Fig. (GC 42)




Fig. (GC 43)

Parabola

Locus definition

Parabola is defined as a plane curve which is the locus of a point moving in such a way that its distance from a fixed point, the focus, is always equal to its distance from a fixed straight line, the directrix.

Practical applications of the parabola

Reflectors of light (like headlamp of a motor vehicle) and sound reflectors are made in parabolic form as are vertical curves on highways and rail road. Arches, bridges and tunnels are constructed in the shape of parabola. The trajectory of a thrown object or missile has the form of parabola. Wall brackets subjected to heavy loads are desinged like a parabola, that is to say, their cross-section is formed by the axis and one branch of the parabola. Parabola is frequently used in machine tool building and other branches of mechanical engineering. The bending moment diagram of a beam carrying uniformly distributed load is in the form of a parabola.

To draw a parabola given the distance of the focus from the directrix

Example: Draw a parabola given the distance of the focus from the directrix as 60 mm.

Draw a line CD as the directrix Fig. (GC 44)
Draw the axis through any point E on CD.
Fix the focus F on the axis so that EF = 60 mm. Since the eccentricity of parabola = 1, the vertex V can be located at the midpoint of EF.
Mark points 1, 2, 3, etc. on the axis arbitrarily and draw parallels to the directrix through these points.

پیرابولا (Parabola)

کسی سطح پر اتاری گئی قوس جسکا ماسکہ اسطرح حرکت کرے کہ اس کا کسی نکتہ سے فاصلہ (ڈائیرکٹریکس Directrix) کے فاصلے کے مماثل ہمیشہ مساوی رہے گا۔

پیرابولا کا استعمال:۔ موٹرگاڑیوں کے لیمپ (Head Lamps)، آواز کیلئے استعمال ہونے والے لاؤڈ اسپیکر، بڑے شاہ راہوں اور ریل کی پٹریوں کے خم وپیچ کے کام میں پیرابولا کا استعمال ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ کمانیں، سرنگیں اور پُل کے بنانے میں بھی پیرابولا شکل کا استعمال ہوتا ہے۔ شیشیوں کے پُرزوں کو بنانے میں اسکا استعمال ہوتا ہے۔ کسی بیم (Beam) جسکے تمام حصوں سے پر یکساں وزن ہوتو اسکا (Bending moment diagram) خاکہ پیرابولا کی شکل کا ہوگا۔ (صفحہ کا اختتام)

پیرابولا اتارنے کا طریقہ جسکا (ڈائیرکٹرکس Directrix) سے نقطہ ماسکہ (Focus) کا فاصلہ دیا گیا ہے۔

مثال:۔ پیرابولا اتاریئے، جسکا ڈائیرکٹرکس سے نقطے ماسکہ کا فاصلہ 60 ملی میٹر ہے۔

CD ایک سیدھی لکیر اتاریں جو ڈائیرکٹرکس کہلائے گی۔ پھر محور (Axis) CD کے کسی نقطہ E سے اتاریں۔ Fig. (GC 44)

نقطہ ماسکہ (Focus) 'F' کو اسطرح لیں کہ EF = 60mm چونکہ پیرابولا ایسنٹرسٹی ایک کے مساوی ہوتی ہے، اسکا راس (V) لکیر EF کے درمیان میں واقع ہوگا۔

1'2'3 تام سے نکات محور (Axis) پر لگائیں اور ان نکات سے ڈائیرکٹرکس کے متوازی لکیریں اتاریں۔ نقطہ F کو مرکز بنا کر اور (E_1) کے مساوی نصف قطر سے قوسیں اتاریں جو متوازی لکیروں کو دو نکتوں ('1) پر قطع کریں گی اور نکتہ (1) سے گزرے گی۔ پھر F کو مرکز بنا کر (E2) نصف قطر کے مساوی لے کر قوسیں اتاریں جو متوازی لکیروں کو ('2) پر قطع کریں گی اور نکتہ 2 سے گزرے گی۔ اسطرح سے نکات ('3) اور ('4) محور کے دونوں جانب

With F as centre and E1 as radius, draw arcs to cut the parallel through 1 at two points marked 1'. With F as centre and E2 as radius, draw arcs to cut the parallel 2 at 2 points marked 2'. In the same way, obtain points 3', 4', etc. on both sides of the axis.

Join these points by a smooth curve to get the required parabola.

Note: Any like 22' perpendicular to the axis is called ordinate and twice the same like 2' - 2' is known as double ordinate. The double ordinate passing through the focus is termed latus rectum. Distance like V2 or V3 is called abscissa.

To draw a parabola given the base and the axis parallelogram method or rectangle method

Example: The head lamp reflector of a motor car has a maximum rim diameter of 130 mm and maximum depth of 100 mm. Draw the profile of the reflector and name it.

The shape of the lamp reflector is parabola. Maximum rim diameter = base of the parabola = 130 mm.

The maximum depth of the reflector = axis of the parabola = 100 mm.
Draw the axis BA, 100 mm long perpendicular to EF
Complete the rectangle CDEF of which DE = AB **Fig. (GC 45)**
Divide BF and CF into the same number of equal parts.
Number the division points from F as shown in the Fig

اتاریں۔ان نکات کوملانے سے مقصود قوس پیرابولا حاصل ہوگی۔

نوٹ:۔کوئی سیدھی لکیر (22') محور پرعموداًواقع ہوتو یہ آرڈی نیٹ (**Ordinate**) کہلائی گی۔ اور اسکی دوگنی جسے کے (**Double ordinate**) کہلائے گی۔ یہ نکتہ ماسکہ گزرے گی تو (**Latus rectum**) کہلائے گی۔ (V2)اور (V3) کے فاصلے (**Abcissa**) کہلائیں گے۔

<u>دیئے گئے محور(Axis)اور(Base)اسے پیرابولا اتارنے کا طریقہ:۔(مستطیل یا متوازی الاضلاع کا طریقہ)</u>

مثال:۔ایک موٹرسیکل کے لیمپ کے بڑے حصے کا قطر130 ملی میٹر کا ہے۔اوراس کی زیادہ اسے زیادہ گہرائی 100 ملی میٹر ہے۔اس لیمپ کا ایک رخی خاکہ اتاریئے اور اسکا نام رکھیئے۔


لیمپ کی شکل پیرابولا ہے۔اوراسکا زیادہ سے زیادہ قطر مساوی ہوگا پیرابولا کے (قاعدہBase) یعنی یہ 130 ملی میٹر قطر ہوگا۔

محور 'BA 100 ملی میٹر لمبائی کا لکیر EF پرعموداً اتاریں مستطیل CDEF کومکمل کریں جس سے (DE=AB) ہوگا۔BF اور CF مساوی حصوں میں تقسیم کریں اوران کے منقسم کرنے والے مساوی نکتوں کا نام F سے رکھنا شروع کریں۔**Fig. (GC 45)**

نقطہ A سے نکات '1,'2اور'3 کوسیدھی لکیروں سے ملائیں۔سیدھی لکیر AB کے متوازی لکیر '1,'2اور'3 میں سے اتاریں۔

لکیر AB کے متوازی نکات '1'2اور'3 سے قوسیں اتاریں جو پیرابولا کی قوس کی آدھی ہوگی۔

باقی آدھی قوس مندرجہ بالاطریقے سے ظاہر ہوتا ہے۔






Fig. (GC 44)




Fig. (GC 45)

Draw lines joining A with points 1', 2' and 3'.

Draw lines parallel to AB through 1', 2' and 3'.

Draw lines parallel to AB through 1, 2 and 3 to intersect A'_1, A'_2 and A'_3 to intersect A1', A2', and A3' at points 1", 2" and 3" respectively.

Draw a smooth curve through F, 1", 2", 3" and A to get one half of the parabola. The other portion of the parabola is obtained by making the same construction in the other portion of the rectangle.

Fig. (GC 45) shows the method of constructing a parabola in a parallelogram.

Tangent method

Example: Draw a parabola of base 100 mm and axis 40 mm using tangent method.

Draw the base 100 mm long

Mark its mid-point B and draw the axis BA, 40 mm long perpendicular to CD.
Produce BA to E such that AE = AB.

Draw lines joining E with C and D.
Divide EC and ED into the same number of equal parts, say 6.
Number the division points as shown in **Fig. (GC 46)** Draw lines joining 1 and 1', 2', 3 and 3', etc.
Starting from C, draw a curve tangential to the lines 5-5'. 4-4.
he resulting curve is the required parabola.

مماس کا طریقہ (Tangent Method)

مماس کے طریقے سے پیرابولا اتاریئے جسکا (قاعدہ Base) 100 ملی میٹر اور محور (Axis) 40 ملی میٹر ہے۔

100 ملی میٹر لمبائی کا (قاعدہ Base) اتاریں۔ اسکا درمیانی نکتہ کا نام B رکھیں اور پھر محور (BA) اتاریں جسکی لمبائی 40 ملی میٹر اور یہ لکیر CD پر عموداً واقع ہونی چاہیے۔

سیدھی لکیر BA کو نکتہ E تک اسطرح آگے بڑھائیں کہ AE=AB ہوجائے

نکتہ E سے نکات C اور D کو ملائیں۔ Fig. (GC 46)

سیدھی لکیر EC اور ED کو مساوی حصّوں میں تقسیم کریں۔ (6 حصّوں میں تقسیم کرسکتے ہیں) ان منقسم حصّوں کے نام رکھیں جیسا کہ خاکہ میں بتایا گیا ہے سیدھی لکیریں نکات (1) سے '1, '2, '3 اور '3 کو ملانے کیلئے اتاریں۔ پھر نکتہ C سے قوس اتارنا شروع کریں جو سیدھی لکیروں ('5-5) ('4-4) وغیرہ کو چھوتی ہوئی گزرتی ہوں۔ اسطرح جو قوس حاصل ہوگی وہ پیرابولا ہوگا۔




Fig. (GC 46)




Fig. (GC 47)

Hyperbola

Locus Definition

Hyperbola is defined as a plane curve which is the locus of a point moving in such a way that the difference between its distances from two fixed points called foci, is a constant.

Practical applications of hyperbola

Electronic transmitters and recievers (like radar antenna) have the shape of Hyperbola. Rectangular hyperbola is used in the design of hydraulic channels. It is also used in the design of hydraulic machinery requiring constant velocity of flow. Use is commonly made of rectangular hyperbola, for instance in thermodynamics, in the study of Boyle's law of expansion of gases. etc.

In Fig. (GC47) (F_1 and F_2) are the foci. The line through the foci

HYPERBOLA ہیپر بولا

"تعریف:۔ ہیپر بولا ایک مسطح قوس ہے جسکا نکتہ ماسکہ اسطرح حرکت کرتا ہے کہ اس سے دو نکات کے فرق کا فاصلہ ہمیشہ مستطیل رہتا ہے یہ دو نکات مراکز یا (Foci; فوسائی) کہلاتے ہیں۔

ہیپر بولا کا استعمال

الکٹرانک اشیاء جیسے راڈار اور اینٹینا وغیرہ ہیپر بولا کے شکل کے ہوتے ہیں۔ ڈیام (Dam) کے پانی کے بہنے کے راستوں کی شکل ہیپر بولا (Rectangular Hyperbola) کی ہوتی ہے۔ ایسی شکل مشین کے پرزوں کی بھی ہوتی ہے۔ ہیپر بولا کو بائیل کے گیسوں کے پھیلاؤ (Boyle's Law) کے کلیے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ذیل کے خاکے میں F_1 اور F_2 مراکز (Foci; فوسائی) کہلائیں گے۔ ان مراکز سے گزرنے والی سیدھی لکیر، ہیپر بولا کا محور ہوگا۔ قوس، محور کو نکات B'A پر کٹ کرتی ہے۔ یہ نکات راس کہلائیں گے۔

راسوں کے درمیان پائی جانے والی سیدھی لکیر بڑا محور (Major Axis) کہلائے گی۔ اسکا درمیانی نکتہ 'O' ہیپر بولا کا مرکز ہوگا۔ سیدھی لکیر CD (Conjugate Axis محور) کہلائے گی۔

اگر ایک نکتہ 'P' قوس پر واقع ہے تو تعریف کے لحاظ سے ($F_1P-F_2P=$ Constant) ہوگا۔ یہ مستقل لمبائی (Constant)، (Transverse Axis) کے مساوی ہوگی۔

ہیپر بولا کے دو لکیریں EH اور GJ اور دو شاخیں مرکز 'O' سے لامتناہی فاصلے تک پھیل سکتی ہیں۔ یہ دو لکیریں (GJ'EH) کو (Asymptotes) کہا جاتا ہے۔ جو ہیپر بولا میں لامتناہی فاصلے تک پھیل سکتے ہیں۔ جب (Asymptotes) عموداً بنتے ہیں۔ تو یہ مستطیل ہیپر بولا کہلائیں گے۔

دیئے گئے مراکز قطع کرتا ہوا (محور, Transverse Axis) سے ہیپر بولا اتارنے کا طریقہ:

فرض کرو کہ AB قطع کرتا ہوا (محور, Transverse Axis) اور مراکز F_1 اور F

is the axis of the hyperbola. The points A and B where the curve cuts the axis are the vertices. The line AB between the vertices is called the transverse diameter or the transverse axis or major axis. The mid-point O of the transverse diameter is the centre of the hyperbola. The line CD is the conjugate axis.

If P is any point on the curve, then, $F_1P - F_2P$ = a constant (by definition). This constant is equal to the length of the transverse axis AB.
The hyperbola consists of two infinite branches and two lines EH and GJ passing through O and continued indefinitely. These two lines are called asymptotes, each of which is tangent to both branches at infinity in opposite directions. When the asymptotes are at right angles, the hyperbola is called a rectangular hyperbola.

To draw a hyperbola given the foci and the transverse axis Fig. (GC 47)

Let AB be the given transverse axis and F1 and F2, the foci.
Mark points 1, 2, 3, etc. arbitrarily on the axis outside F_1 and

Using F_1 and F_2 as centres and radius equal to A1, strike four arcs. With the same centres and radius B1, draw arcs intersecting the previously drawn arcs at four points marked 1'. Repeat the same construction for points 2, 3, etc. The hyperbola may be extended as far as desired.
Draw a smooth curve through the points thus obtained. This curve is the required hyperbola.

To draw the asymptotes

Draw a circle with O as centre and radius equal to OF_2. Draw perpendicualrs to AB at A and B, cutting the circle at E, G, H and J. The diagnols EH and GJ are the asymptotes of the hyperbola.

F2 ہیں۔ 1'2'3' نکات مراکز F1 اور F2 کے باہر اور ایک طرف لیں۔ مراکز F_1 اور F_2 کو استعما ل کرتے ہوئے اور نصف قطر (A1) کے مساوی لیکر چار قوسوں کو قطع کریں۔ پھر اپنی مراکز سے اور نصف قطر (B1) کے مساوی لے کر قوس پہلے اتارے گئے قوسوں سے قطع کریں جو چار نکات پر قطع ہونگے۔ جسکو ('1) سے ظاہر کریں۔ اسطرح نکات ('2) اور (3) سے قوس اتار کر قطع کریں۔ مندرجہ بالا طریقہ سے ہیپر بولا اتارا جا سکتا ہے اور اسکو جتنا چاہے طویل کر سکتے ہیں۔ حاصل شدہ نکات سے قوس اتاریں جو کہ مقصود ہیپر بولا کی قوس ہوگی۔

(Asymptotes اتارنے کا طریقہ)

مراکز نکتہ 'O' کو بناتے ہوئے اور نصف قطر (OF_1) کے مساوی لے کر دائرہ اتاریں۔ سیدھی لکیر AB پر عمودیں نکات A اور B اتاریں۔ جو دائرے کو 'E'G'H'J پر قطع کریں گے۔ وتر (EH) اور (GJ) ہیپر بولا کے Asymptotes کہلائیں گے۔
مرکز نکتہ 'O' کو بنا کر اور OA اور OB نصف قطروں سے قوس اتاریں جو (Asymptotes) کو ('Y,Y) اور ('Z,Z) ایک (ڈائیرکٹرکس Directrix) ہوگی۔
('Z,Z) ملاتے ہوئے سیدھی لکیر کو آگے بڑھائیں جو دوسرا (ڈائیرکٹرکس Directrix) ہوگا۔

ہیپر بولا کے کسی نقطہ پر (مماس؛Tangent) اتارنے کا طریقہ

ہیپر بولا کے کسی نکتہ P پر مماس اتارنے کیلئے زاویہ $F_1P^\wedge F_2$ کو مساوی حصوں میں تقسیم کریں۔ سیدھی لکیر PT جو زاویے $F_1P^\wedge F_2$ کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کرے گی یہی لکیر PT ہیپر بولا کے نکتہ P پر مماس ہوگی۔

<u>دیئے گئے محور، ڈائیرکٹرکس اور ایسنٹری سٹی سے ہیپر بولا اتارنے کا طریقہ:۔</u>

مثال:۔ ہیپر بولا جسکا محور، ڈائیرکٹرکس سے 55 ملی میٹر کا فاصلہ رکھتا ہوا اور اسکی ایسنٹری سٹی 1.5 ملی میٹر ہے۔
نقطہ ماسکہ (Focus)'F، کو محور پر نکتہ A سے 55 ملی میٹر کے فاصلے پر اتاریں۔ محور پر نکتہ A سے 22 ملی میٹر کے فاصلے پر راس (Vertex) کو اتاریں۔ **Fig. (GC 48)**
ایسنٹری سٹی ایک عمود سیدھی لکیر AB کے نکتہ V پر اتاریں۔

To draw the directrices

With O as centre and OA or OB as radius, draw arcs to cut the asymptotes at Y,Y' and Z,Z' as shown in Fig Join YY' and produce it. This line YY' produced is one of the required directrices. Join ZZ' and produce it to get the other directrix.

To draw tangent at any point

The tangent to the hyperbola at any point P on it is the bisectot of the angle F1 PF2. In **Fig. (GC 47)** PT bisects angle F1 PF2 and hence is the tangent to the hyperbola at P.

To draw a hyperbola given the focus, from the directrix and eccentricity

Example: Draw a hyperbola given the distance of the focus from the directrix as 55mm and eccentricity as 1.5.
Let CD be the directix. Draw the axis AB perpendicular to CD **Fig. (GC 48)**

Locate t he focus F on the axis at 55mm from A. Fix the vertex V on the axis at 22 mm from A so that

eccentricity = VF/VA = 33/22 = 3/2 = 1.5.

اس عمود پر ایک نکتہ E اسطرح اتاریں کہ VE=VF ہو جائے۔ A اور E کو سیدھی لکیر سے ملاتے ہوئے آگے بڑھائیں۔
عمود کو قطع کرنے کیلئے قوسیں اتاریں جو (a1) اور (a1') پر قطع کریں گے۔ پھر نکتہ F کو مرکز بناتے ہوئے اور نصف قطر (2-2') کے مساوی لے کر قوسیں اتاریں جو عمود کو نکتہ 2 سے (a2) اور (a'2) پر قطع کریں گے۔ پھر ان نکات میں سے قوس اتاریں جو مقصود ہیپر بولا ہوگا۔

<u>ہیپر بولا کے کسی نقطہ پر مماس (Tangent) اور (Normal) اتارنے کا طریقہ:۔</u>

نکات P اور F کو سیدھی لکیر سے ملائیں۔ پھر نقطہ F سے عمود 'PF' اسطرح اتاریں کہ یہ لکیر CD کے نکتہ (M) پر ملتا ہو۔ نکات P اور M سے گزرتی ہوئی لکیر اتاریں جو ہیپر بولا پر نکتہ 'P' پر مماس (Tangent) ہوگا۔
نکتہ P سے عمود PN سیدھی لکیر PM پر اتاریں۔ یہ لکیر PN ہیپر بولا کے نکتہ P پر نارمل (Normal) ہوگی۔

<u>دیئے گئے (Transverse Axis) (Ordinate) اور (Abscissa) سے ہیپر بولا اتارنے کا طریقہ:۔</u> (Transverse axis) AB اتاریں۔ فرض کرو کہ BC (Abscissa) اور C'E (Ordinate) ہے۔ مستطیل DEFG بنائیں جو ذیل کے خاکہ میں بتایا جارہا ہے۔ سیدھی لکیر پر درمیانی نقطہ 'O' لگائیں۔ لکیریں (CE) اور (DE) ایک ہی تعداد میں اور مساوی حصوں میں تقسیم کریں اور ان کے منقسم کرتے ہوئے نکات کے نام E سے لکھنا شروع کریں۔




Fig. (GC 48)




Fig. (GC 49)

Draw a line perpendicular to AB at V.

Mark a point E om this perpendicular such that VE = VF. Join A and E and produce.

Draw a perpendiculars at point as 1,2, etc. on the axis (arbitrary points to cut the line AE - produced at 1',2', etc.
With F as centre and radius equal to 1-1',draw arcs cutting the perpendicular through 1 at a_1 and a_1'. With F as centre and radius equal to 2-2'. draw arcs cutting the perpendicular through 2 at a_2 and a_2'.
Repeat the construction for points 3, 4, etc. and obtian points a_3 and a_4', a_4 and a'_4, etc.

Draw a smooth curve through these points. This curve is the required hyperbola.

To draw a tangent and a normal at any point P on the hyperbola

Draw a line joining P and F **Fig. (GC 48)** From F, draw a line perpendicular to PF to meet CD at M. Draw a line through P and M is the tangent to the hyperbola at P. From P, draw a line PN perpendicular to PM. This line PN is the normal to the hyperbola at P.

To draw a hyperbola given the transverse axis, an ordinate and an abscissa

